# الوِرْدُ المُصَفّٰى المُختار

من كلام الله تعالى وكلام سيد الأبرار صلى الله عليه وسلم

اختاره راجي عفو الغفور الودود

عبد العزيز بن عبد الرحمن الأفضل آل مسعود

غفر الله له

اردو ترجمہ

عطاء اللہ ثاقب

ناشر

أنصار السنة المحمدية

رستم پارک نواں کوٹ لاہور

1735

59657

حقوق الطبع محفوظة للمترجم

طبع اوّل

مئی ۱۹۸۱ء

نام کتاب ——— الورد المصفّٰی المختار

اختارہُ

جلالۃ الملک المغفور لہٗ عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن الفیصل آل سعودؒ

اُردو ترجمہ

عطاء اللہ ثاقب رئیس انصار السنۃ المحمدیۃ پاکستان

ناشر

انصار السنۃ المحمدیہ، لاہور، پاکستان

مطبع

مکتبہ جدید پریس ۴ شارع فاطمہ جناح۔ لاہور

خطاطی

محمد جمیل حسن تلمیذ حضرۃ سید نفیس رقم صاحب مدظلہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ابتدائیہ

یہ مختصر اور جامع "الورد المصفی المختار" قرآن کریم کی آیات، سید ولد آدم صلی اللہ علیہ وسلم کی پاکیزہ احادیث اور سلف صالحین سے منقول دعاؤں کا مجموعہ ہے میری دلی تمنا تھی کہ اس سے عام مسلمان بھی فائدہ اٹھائیں، اسی جذبہ کے تحت اسے دوبارہ طبع کرایا جا رہا ہے، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا اجر میرے والدینؒ اور دیگر تمام فوت شدہ مومنین کے اعمال نامہ میں درج فرمائے۔ آمین

آخر میں دعا ہے کہ رب کریم اپنے پسندیدہ اعمال کی توفیق عطا فرمائے اور اپنے ذکر سے غافل نہ کرے، بے شک وہ سننے والا اور اپنے بندوں کی التجاؤں کو قبول فرمانے والا ہے۔

وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین

متعب بن عبد العزیز

بن عبد الرحمن الفیصل آل سعود

جدہ۔ المملکۃ العربیۃ السعودیۃ

ربیع الاول

۱۳۸۹ھ

Marfat.com

Marfat.com

قالَ الشیخ ابن القیّم رحمہ اللہ فی "عِدۃِ الصابرینَ" کانَ الحسَنُ البصری رحمہ اللہ إذا ابتدأ حدیثَہ یقُولُ :

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ بِمَا خَلَقْتَنَا، وَ رَزَقْتَنَا، وَهَدَيْتَنَا، وَ عَلَّمْتَنَا وَأَنْقَذْتَنَا وَ فَرَّجْتَ عَنَّا،لَكَ الْحَمْدُ بِالْإِيمَانِ وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْإِسْلَامِ، وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْقُرْآنِ وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْأَهْلِ وَ الْمَالِ وَالْمُعَافَاةِ كَبَتَّ عَدُوَّنَا، وَبَسَطْتَ رِزْقَنَا، وَأَظْهَرْتَ أَمْنَنَا، وَجَمَعْتَ فُرْقَتَنَا، وَأَحْسَنْتَ مُعَافَاتَنَا وَمِنْ كُلِّ مَا سَأَلْنَاكَ رَبَّنَا أَعْطَيْتَنَا فَلَكَ الْحَمْدُ عَلَى ذٰلِكَ حَمْدًا كَثِيرًا، لَكَ الْحَمْدُ بِكُلِّ نِعْمَةٍ أَنْعَمْتَ بِهَا عَلَيْنَا فِي قَدِيمٍ أَوْحَدِيثٍ أَوْ سِرٍّ أَوْ عَلَانِيَةٍ أَوْ خَاصَّةٍ أَوْ عَامَّةٍ أَوْ حَيٍّ أَوْ مَيِّتٍ أَوْ شَاهِدٍ أَوْ غَائِبٍ لَكَ الْحَمْدُ حَتّٰى تَرْضٰى وَلَكَ الْحَمْدُ إِذَا رَضِيتَ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ.

Marfat.com

# اللہ کے نام سے جو بے انتہا مہربان اور رحم کرنیوالا ہے

"عدۃ الصابرین" میں علامہ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں کہ:

حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ گفتگو شروع کرنے سے پہلے بارگاہِ الٰہی میں یوں دعا گو ہوتے کہ:

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! تمام تعریفیں تیرے ہی لیے خاص ہیں کہ تُو نے ہمیں پیدا کیا، ہمیں رزق عطا فرمایا، ہمیں ہدایت سے نوازا، ہمیں علم کی دولت سے مالا مال فرمایا، گمراہی سے نکالا، ہمیں غم سے دُور رکھا تمام حمدیں تیرے لیے ہیں ایمان کے ساتھ، تمام حمدیں تیرے لیے ہیں اسلام کے ساتھ، تمام حمدیں تیرے لیے ہیں قرآن کے ساتھ، تمام حمدیں تیرے لیے ہیں اہل، مال اور عافیت کے ساتھ، تُو نے ہمارے دشمنوں کو رُسوا کیا، ہمارے رزق کو فراخ کیا، امن و سکون بخشا، ہماری فرقہ بندی کو اجتماعیت میں بدل دیا، اور ہماری خیر و عافیت کو احسن بنایا، ہم نے جو مانگا سو تُو نے دیا۔ پس اس پر تیرے ہی لیے ہیں تمام اور بے شمار حمدیں۔

تمام حمدیں تیرے ہی لیے ہیں ہر ایک نعمت پر جو تُو نے ہم پر کی، قدیم ہو یا جدید، ظاہر ہو یا باطن، خاص ہو یا عام، زندہ پر ہو یا فوت شدہ پر، حاضر پر ہو یا غائب پر، تمام حمدیں تیرے ہی لیے ہیں جب تک کہ تُو راضی ہو جائے اور تمام حمدیں تیرے ہی لیے ہیں جب راضی ہو جائے۔

وصلی اللہ علی نبینا محمد وعلی آلہ وصحبہ وسلم

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ، الرَّحۡمٰنِ
الرَّحِيۡمِ، مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ، اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ
نَسۡتَعِيۡنُ، اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ، صِرَاطَ
الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ، غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ
عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ، آمین

اللہ کے نام سے جو بے انتہا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام کائنات کا رب ہے
نہایت مہربان اور رحم فرمانے والا ہے۔ روزِ جزا کا مالک ہے
ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں۔
ہمیں سیدھا راستہ دکھا، اُن لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام
فرمایا، جو معتوب نہیں ہوئے، اور جو بھٹکے ہوئے نہیں ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الٓمّٓ، ذٰلِكَ الۡكِتٰبُ لَا رَيۡبَ فِيۡهِ هُدًى
لِّلۡمُتَّقِيۡنَ الَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡغَيۡبِ وَيُقِيۡمُوۡنَ
الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ يُنۡفِقُوۡنَ، وَالَّذِيۡنَ
يُؤۡمِنُوۡنَ بِمَا اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ وَمَا اُنۡزِلَ مِنۡ
قَبۡلِكَ وَبِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ يُوۡقِنُوۡنَ، اُولٰٓئِكَ عَلٰى
هُدًى مِّنۡ رَّبِّهِمۡ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ،

الف، لام، میم۔ یہ اللہ کی کتاب ہے، اس میں کوئی شک

Marfat.com

نہیں۔ ہدایت ہے اُن پرہیزگار لوگوں کے لیے جو غیب پر ایمان
لاتے ہیں۔ نماز قائم کرتے ہیں جو رزق ہم نے ان کو دیا ہے،
اُس میں سے خرچ کرتے ہیں، جو کتاب تم پر نازل کی گئی ہے
(یعنی قرآن) اور جو کتابیں تم سے پہلے نازل کی گئی تھیں اُن سب
پر ایمان لاتے ہیں اور آخرت پر ایمان رکھتے ہیں۔ ایسے لوگ
اپنے رَبّ کی طرف سے راہِ راست پر ہیں اور وہی فلاح
پانے والے ہیں۔

وَإِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَاحِدٌ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ،

اَللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُوْنَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَؤُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ۔ (۲ – ۲۲۵)

تمہارا خدا ایک ہی خدا ہے۔ اُس رحمان اور رحیم کے سِوا
کوئی اور خُدا نہیں ہے۔

اللہ وہ زندہ جاوید ہستی، جو تمام کائنات کو سنبھالے ہوئے
ہے، اُس کے سِوا کوئی خدا نہیں ہے وہ نہ سوتا ہے اور نہ اُسے
اونگھ لگتی ہے۔ زمین اور آسمانوں میں جو کچھ ہے اسی کا ہے۔ کون

Marfat.com

ہے جو اُس کی جناب میں اُس کی اجازت کے بغیر سفارش کر سکے ؟ جو کچھ بندوں
کے سامنے ہے اسے بھی وہ جانتا ہے اور جو کچھ اُن سے اوجھل ہے
اُس سے بھی وہ واقف ہے اور اُس کی معلومات میں سے کوئی
چیز اُن کی گرفتِ ادراک میں نہیں آسکتی اِلّا یہ کہ کسی چیز کا علم وہ
خود ہی اُن کو دینا چاہے ۔ اُس کی حکومت آسمانوں اور زمین پر
چھائی ہوئی ہے اور اُن کی نگہبانی اس کے لئے کوئی تھکا دینے والا
کام نہیں ہے ۔ بس وہی ایک بزرگ و برتر ذات ہے ۔

آمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا أُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ
وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ آمَنَ بِاللهِ وَمَلَائِكَتِهٖ
وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ
رُّسُلِهٖ، وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا
وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ، لَا يُكَلِّفُ اللهُ نَفْسًا اِلَّا
وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ
رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا
وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ
لَنَا بِهٖ. وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا، اَنْتَ
مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ،

رسُول اُس ہدایت پر ایمان لایا ہے جو اُس کے ربّ کی
طرف سے اُس پر نازل ہوئی ہے اور جو لوگ اس رسُول کے ماننے
والے ہیں انھوں نے بھی اس ہدایت کو دل سے تسلیم کرلیا ہے ۔ یہ

Marfat.com

سب اللہ اور اُس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسُولوں کو مانتے ہیں اور اُن کا قول یہ ہے کہ "ہم اللہ کے رسُولوں کو ایک دُوسرے سے الگ نہیں کرتے۔ ہم نے حکم سُنا اور اطاعت قبول کی۔ مالک! ہم تجھ سے خطابخشی کے طالب ہیں۔ اور ہمیں تیری ہی طرف پلٹنا ہے"۔

اللہ کسی متنفس پر اس کی طاقت سے بڑھ کر ذمّہ داری کا بوجھ نہیں ڈالتا، ہرشخص نے جو نیکی کمائی ہے اُس کا پھل اُسی کے لیے ہے اور جو بدی سمیٹی ہے اس کا وبال اُسی پر ہے۔

(ایمان لانے والو!) تم یوں دعا کیا کرو) اے ہمارے رَبّ! ہم سے بھُول چوک میں جو قصُور ہو جائیں ان پر گرفت نہ کر۔ مالک! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالے تھے۔ پروردگار! جس بار کو اٹھانے کی طاقت ہم میں نہیں ہے وہ ہم پر نہ رکھ۔ ہمارے ساتھ نرمی کر۔ ہم سے درگذر فرما، ہم پر رحم کر، تو ہمارا مولیٰ ہے، کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد کر۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ، اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ نَزَّلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِیْلَ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ ذُو انْتِقَامٍ، اِنَّ اللّٰهَ لَا یَخْفٰى عَلَیْهِ شَیْءٌ

Marfat.com

فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔ (۳ - ۱ تا ۶)

اللہ کے نام سے جو بے انتہا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

الف، لام، میم۔ اللہ وہ زندۂ جاوید ہستی، جو نظامِ کائنات کو سنبھالے ہوئے ہے۔ حقیقت میں اُس کے سوا کوئی خدا نہیں ہے

اے نبیؐ! اُس نے تم پر یہ کتاب نازل کی، جو حق لے کر آئی ہے اور اُن کتابوں کی تصدیق کر رہی ہے جو پہلے سے آئی ہُوئی ہیں۔ اس سے پہلے وُہ انسانوں کی ہدایت کے لیے تورات اور انجیل نازل کر چکا ہے اور اُس نے وُہ کسوٹی اتاری ہے (جو حق اور باطل کا فرق دکھانے والی ہے) اب جو لوگ اللہ کے فرامین کو قبول کرنے سے انکار کریں اُن کو یقیناً سخت سزا ملے گی۔ اللہ بے پناہ طاقت کا مالک ہے اور برائی کا بدلہ دینے والا ہے۔

زمین اور آسمان کی کوئی چیز اللہ سے پوشیدہ نہیں۔ وہی تو ہے جو تمھاری ماؤں کے پیٹ میں تمھاری صُورتیں جیسی چاہتا ہے بناتا ہے۔ اُس زبر دست حکمت والے کے سوا کوئی اور خدا نہیں ہے۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔

اللہ نے خود شہادت دی ہے کہ اُس کے سوا کوئی خدا نہیں ہے اور (یہی شہادت) فرشتوں اور سب اہلِ علم نے بھی دی ہے۔ وہ انصاف پر قائم ہے۔ اُس زبردست حکیم کے سوا

Marfat.com

فی الواقع کوئی خدا نہیں ہے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ۔

خدایا! مُلک کے مالک، تو جسے چاہے حکومت دے اور جس سے چاہے چھین لے۔ جسے چاہے عزّت بخشے اور جس کو چاہے ذلیل کردے۔ بھلائی تیرے اختیار میں ہے۔ بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ رات کو دن میں پروتا ہُوا لے آتا ہے اور دن کو رات میں۔ بے جان میں سے جان دار کو نکالتا ہے اور جان دار میں سے بے جان کو۔ اور جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔

مومنین اہل ایمان کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا رفیق اور یار و مددگار ہرگز نہ بنائیں۔ جو ایسا کرے گا اُس کا اللہ سے کوئی تعلق نہیں

Marfat.com

ہاں! یہ معاف ہے کہ تم اُن کے ظُلم سے بچنے کے لیے بظاہر ایسا طرزِ عمل اختیار کر جاؤ۔ مگر اللہ تمہیں اپنے آپ سے ڈراتا ہے اور تمہیں اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا، وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ (۷ ـ ۵۴،۵۵)

درحقیقت تمہارا ربّ اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا، پھر اپنے تختِ سلطنت پر جلوہ فرما ہُوا جو رات کو دِن پر ڈھانک دیتا ہے اور پھر دن رات کے پیچھے دوڑا چلا آتا ہے۔ جس نے سُورج اور چاند اور تارے پیدا کیئے، سب اس کے فرمان کے تابع ہیں۔ خبردار رہو! اُسی کی خلق ہے اور اسی کا امر ہے۔ بڑا بابرکت ہے اللہ، سارے جہانوں کا مالک و پروردگار، اپنے رَبّ کو پکارو گڑگڑاتے ہُوئے اور چپکے چپکے، یقیناً وُہ حد سے گذرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

حَسْبِىَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (۹ ـ ۱۲۹)

Marfat.com

خُدا مجھے کفایت کرتا ہے اُس کے سوا کوئی معبود نہیں،
اسی پر میرا بھروسا ہے اور وہی عرشِ عظیم کا مالک ہے۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّکُمْ
اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ. فَتَعٰلَی اللّٰهُ الْمَلِکُ الْحَقُّ
لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ وَمَنْ
یَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ
فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ
الْکٰفِرُوْنَ، وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ
خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ. (ثلاثا) (۲۳ – ۱۱۵ تا ۱۱۸)

کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بے فائدہ پیدا
کیا ہے اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے ؟۔ پس
بالا و برتر ہے اللہ، بادشاہِ حقیقی، کوئی خدا اُس کے سوا نہیں، مالک
ہے عرش بزرگ کا۔ اور جو کوئی اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو
پکارے، جس کیلئے اُس کے پاس کوئی دلیل نہیں، تو اس کا حساب
اُس کے رَبّ کے پاس ہے۔ ایسے کافر کبھی فلاح نہیں پا سکتے
اے نبیؐ! کہو، میرے رَبّ درگزر فرما، اور رحم کر، تو سب رحیموں
سے اچھا رحیم ہے۔

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ
وَلَهُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا
وَّحِیْنَ تُظْهِرُوْنَ، یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ
وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَیُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ

Marfat.com

مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ . (ثلاثاً) (۳۰ - ۱۷ تا ۱۹)

پس تسبیح کرو اللہ کی جب کہ تم شام کرتے ہو اور جب صُبح کرتے ہو، آسمانوں اور زمین میں اُسی کے لیے حمد ہے۔ اور (تسبیح کرو اس کی) تیسرے پہر اور جب کہ تم پر ظُہر کا وقت آتا ہے وُہ زندہ کو مُردے میں سے نکالتا ہے اور مُردے کو زندہ میں سے نکال لاتا ہے۔ اور زمین کو اُس کی موت کے بعد زندگی بخشتا ہے۔ اسی طرح تم لوگ بھی (حالتِ موت سے) نکال لیے جاؤ گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا، فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا، فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا، اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ، اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ. فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا؟ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ. (۳۷ - ۱ تا ۱۱)

قطار در قطار صف باندھنے والوں کی قسم، پھر اُن کی قسم جو ڈانٹنے پھٹکارنے والے ہیں، پھر اُن کی قسم جو کلام نصیحت سُنانے

Marfat.com

والے ہیں۔ تمہارا معبُودِ حقیقی بس ایک ہی ہے ــــ وہ جو زمین اور آسمانوں کا اور تمام اُن چیزوں کا مالک ہے جو زمین و آسمان میں ہیں، اور سارے مشرقوں کا مالک۔

ہم نے آسمانِ دُنیا کو تاروں کی زینت سے آراستہ کیا ہے اور ہر شیطان سرکش سے اس کو محفوظ کر دیا ہے۔ یہ شیاطین ملاءِ اعلیٰ کی باتیں نہیں سُن سکتے، ہر طرف سے مارے اور ہانکے جاتے ہیں اور اُن کے لیے پیہم عذاب ہے۔ تاہم اگر کوئی ان میں سے کچھ لے اُڑے تو ایک تیز شعلہ اُس کا پیچھا کرتا ہے۔

اَب ان سے پُوچھو، ان کی پیدائش زیادہ مشکل ہے یا اُن چیزوں کی جو ہم نے پیدا کر رکھی ہیں؟ ان کو تو ہم نے لیس دار گارے سے پیدا کیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ، غٰفِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِى الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ۔ (۴۰-۱ تا ۳)

اللہ کے نام سے جو بے انتہا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

ح،م۔ اس کتاب کا نزول اللہ کی طرف سے ہے جو زبردست ہے۔ سب کچھ جاننے والا ہے، گناہ معاف کرنے والا اور توبہ قبول کرنے والا ہے۔ سخت سزا دینے والا، اور بڑا صاحبِ فضل ہے۔ کوئی معبُود اس کے سوا نہیں، اُسی کی طرف سب کو پلٹنا ہے۔

Marfat.com

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ
اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ
رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ، يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ
نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ، (۵۵-۳۳ تا ۳۵)

اے گروہ جنّ وانس اگر تم زمین اور آسمان کی سرحدوں سے نکل کر بھاگ سکتے ہو تو بھاگ دیکھو، نہیں بھاگ سکتے، اس کے لیے بڑا زور چاہیئے۔ اپنے ربّ کی کن کن قدرتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ (بھاگنے کی کوشش کروگے تو) تم پر آگ کا شعلہ اور دُھواں چھوڑ دیا جائے گا جس کا تُم مقابلہ نہ کرسکوگے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ
وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ، هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ
الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ
اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ، هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ
الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهٗ مَا
فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔
(۵۹-۲۲ تا ۲۴)

وُہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، ظاہر اور باطن ہر چیز کا جاننے والا، وہی رحمان اور رحیم ہے۔ وُہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وُہ بادشاہ ہے، نہایت مقدّس، سراسر سلامتی، امن دینے والا، نگہبان، سب پر غالب

Marfat.com

اپنا حکم بزور نافذ کرنے والا، اور بڑا ہی ہو کر رہنے والا، پاک ہے اس شرک سے جو لوگ کر رہے ہیں۔ وُہ اللہ ہی ہے جو تخلیق کا منصوبہ بنانے والا۔ اور اس کو نافذ کرنے والا، اور اس کے مطابق صُورت گری کرنے والا ہے اس کے لیے بہترین نام ہیں، ہر چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے۔ اس کی تسبیح کر رہی ہے اور وہ زبردست اور حکیم ہے۔

وَاَنَّهٗ تَعَالٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا، وَاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا وَاَنَّا ظَنَنَّا اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا وَاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا، (۷۲ – ۳ تا ۷)

اور یہ کہ ہمارے رَبّ کی شان بُہت اعلیٰ و ارفع ہے۔ اس نے کسی کو بیوی یا بیٹا نہیں بنایا ہے۔ اور یہ کہ ہمارے نادان لوگ اللہ کے بارے میں بُہت خلافِ حق باتیں کہتے رہے ہیں۔ اور یہ کہ ہم نے سمجھا تھا کہ اِنسان اور جِنّ کبھی خدا کے بارے میں جھُوٹ نہیں بول سکتے اور یہ کہ اِنسانوں میں سے کچھ لوگ جِنّوں میں سے کچھ لوگوں کی پناہ مانگا کرتے تھے۔ اس طرح انھوں نے جِنّوں کا غرور اور زیادہ بڑھا دیا۔ اور یہ کہ اِنسانوں نے بھی وہی گمان کیا جیسا تمُہارا گمان تھا کہ اللہ کسی کو رسُول بنا کر نہ بھیجے گا۔

Marfat.com

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ
وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۔
(۲ — ۱۲۷ ، ۱۲۸)

اے ہمارے رَبّ ، ہم سے یہ خدمت قبول فرمالے ،
تُو سَب کی سُننے اور سب کچھ جاننے والا ہے۔
اور ہماری کوتاہیوں سے درگذر فرما تو بڑا معاف کرنے
والا اور رحم فرمانے والا ہے۔

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ
حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔ (۲ — ۲۰۱)

اے ہمارے رَبّ ، ہمیں دُنیا میں بھی بھلائی دے اور
آخرت میں بھی بھلائی ۔ اور آگ کے عذاب سے ہمیں بچا۔

رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا
وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۔ (۲ — ۲۵۰)

اے ہمارے رَبّ ، ہم پر صبر کا فیضان کر ، ہمارے قدم
جمادے اور اس کافر گروہ پر ہمیں فتح نصیب کر۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا
وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ
رَبَّنَا اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۔

پروردگار! جب تو ہمیں سیدھے راستہ پر لگا چکا ہے تو
پھر کہیں ہمارے دِلوں کو کجی میں مبتلا نہ کر دیجیو ، ہمیں اپنے
خزانۂ فیض سے رحمت عطا کر کہ تُو ہی فیاضِ حقیقی ہے ۔ پرُوردگار!

Marfat.com

تو یقیناً سب لوگوں کو ایک روز جمع کرنے والا ہے جس کے آنے میں کوئی شُبہ نہیں ہے، تو ہرگز اپنے وعدے سے ٹلنے والا نہیں ہے۔

رَبَّنَا اٰمَنَّا بِمَا اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۔

مالک! جو فرمان تونے نازل کیا ہے ہم نے اُسے مان لیا اور رسُول کی پیروی قبُول کی، ہمارا نام گواہی دینے والوں میں لکھ لے۔

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ ۔

اے پروردگار! مجھے اپنی جناب سے اولادِ صالح عطا فرما تو بے شک دُعا سننے (اور قبول کرلے) والا ہے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِیْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۔ (۳ – ۱۴۷)

اے ہمارے رَبّ! ہماری غلطیوں اور کوتاہیوں سے درگذر فرما، ہمارے کام میں تیرے حدُود سے جو کچھ تجاوز ہو گیا ہو اسے معاف کر دے، ہمارے قدم جمادے اور کافروں کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما۔

Marfat.com

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاللّٰهُ عَلٰى
كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ، اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ
لِّاُولِی الْاَلْبَابِ الَّذِیْنَ یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِیَامًا
وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَیَتَفَكَّرُوْنَ فِیْ
خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا
بَاطِلًا، سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ، رَبَّنَا
اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَیْتَهٗ وَمَا
لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ، رَبَّنَاۤ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا
یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا، رَبَّنَا
فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَیِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا
مَعَ الْاَبْرَارِ، رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى
رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اِنَّكَ لَا
تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔ (۳ – ۱۸۹ تا ۱۹۴)

زمین اور آسمان کا مالک اللہ ہے اور اُس کی قُدرت سب پر حاوی ہے۔ زمین اور آسمانوں کی پیدائش میں اور رات اور دن کے باری باری سے آنے میں ان ہوش مند لوگوں کے لیے بہت نشانیاں ہیں جو اُٹھتے، بیٹھتے اور لیٹتے، ہر حال میں خُدا کو یاد کرتے ہیں اور زمین اور آسمانوں کی ساخت میں غور وفکر کرتے ہیں (وُہ بے اختیار بول اُٹھتے ہیں) پروردگار، یہ سب کچھ تُو نے فضُول اور بے مقصد نہیں بنایا ہے۔ تُو پاک ہے

Marfat.com

اس سے کہ عبث کام کرے ، پس اے رب ، ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے ۔ تُونے جسے دوزخ میں ڈالا اُسے درحقیقت بڑی ذلت و رسوائی میں ڈال دیا اور پھر ایسے ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا ۔ مالک ، ہم نے ایک پکارنے والے کو سُنا جو ایمان کی طرف بُلاتا تھا اور کہتا تھا کہ اپنے رب کو مانو ۔ ہم نے اس کی دعوت قبول کرلی ، پس اے ہمارے آقا ، جو قصور ہم سے ہوئے ہیں ان سے درگذر فرما ، جو برائیاں ہم میں ہیں ، انھیں دُور کردے اور ہمارا خاتمہ نیک لوگوں کے ساتھ کر ۔ خُداوندا ، جو وعدے تُونے اپنے رسُولوں کے ذریعے سے کیے ہیں ان کو ہمارے ساتھ پُورا کر ، اور قیامت کے دن ہمیں رسوائی میں نہ ڈال ، بیشک تو اپنے وعدے کے خلاف کرنے والا نہیں ہے ۔

رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۔ (۷ - ۲۳)

اے رَبّ ! ہم نے اپنے اوپر ستم کیا ، اب اگر تُو نے ہم سے درگذر نہ فرمایا اور رحم نہ فرمایا تو یقیناً ہم تباہ ہوجائینگے

رَبِّ اغْفِرْلِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۔

اے رَب ! مجھے اور میرے بھائی کو معاف کر ، اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل فرما ، تُو سب سے بڑھ کر رحیم ہے ۔

رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ۔ (۷ - ۸۹)

59657

Marfat.com

اے پروردگار! ہم میں اور ہماری قوم میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دے اور تُو سب سے بہتر فیصلہ کرنیوالا ہے۔

رَبِّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُ بِكَ اَنۡ اَسۡـَٔلَكَ مَا لَيۡسَ لِىۡ بِهٖ عِلۡمٌ‌ؕ وَاِلَّا تَغۡفِرۡ لِىۡ وَتَرۡحَمۡنِىۡۤ اَكُنۡ مِّنَ الۡخٰسِرِيۡنَ‏۔ (١١ - ٤٧)

اے پروردگار! مَیں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ ایسی چیز کا تجھ سے سوال کروں جس کی حقیقت مجھے معلوم نہیں اور اگر تُو مجھے نہیں بخشے گا اور مجھ پر رحم نہیں کرے گا تو مَیں تباہ ہو جاؤں گا۔

رَبِّ اجۡعَلۡنِىۡ مُقِيۡمَ الصَّلٰوةِ وَمِنۡ ذُرِّيَّتِىۡ‌ ‌ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلۡ دُعَآءِ‏ (١٤ - ٤٠)

اے پروردگار! مجھ کو (ایسی توفیق عنایت) کر کہ نماز پڑھتا رہوں اور میری اولاد کو بھی (یہ توفیق بخش) اے پروردگار! میری دُعا قبول فرما۔

رَّبِّ اَدۡخِلۡنِىۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّاَخۡرِجۡنِىۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ وَّاجۡعَلْ لِّىۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ سُلۡطٰنًا نَّصِيۡرًا‏۔ (١٧ - ٨٠)

اے پروردگار! مجھے (مدینے میں) اچھی طرح داخل فرمانا، اور (مکے سے) اچھی طرح نکالنا اور اپنے ہاں سے زور وقوت کو میرا مددگار بنانا۔

رَّبِّ اَنۡزِلۡنِىۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنۡتَ خَيۡرُ الۡمُنۡزِلِيۡنَ‏۔

Marfat.com

اے پروردگار! ہم کو مبارک جگہ اُتاریو اور تُو سب سے بہتر اُتارنے والا ہے۔

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ، اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا۔

اے پروردگار! دوزخ کے عذاب کو ہم سے دُور رکھیو کہ اس کا عذاب بڑی تکلیف کی چیز ہے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔

اے پروردگار! ہم کو ہماری بیویوں کی طرف سے (دل کا چین) اور اولاد کی طرف سے آنکھ کی ٹھنڈک عطا فرما۔ اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا۔

رَبِّ اَوْزِعْنِیْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰى وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ۔

اے پروردگار! مجھے توفیق عنایت فرما کہ جو احسان تُو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کیے ہیں اُن کا شکر کروں اور ایسے نیک کام کروں کہ تُو ان سے خوش ہو جائے اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں داخل فرما۔

رَبِّ بِمَاۤ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِیْرًا لِّلْمُجْرِمِیْنَ۔ (۲۸ – ۱۷)

Marfat.com

اے پروردگار! تو نے مجھ پر مہربانی فرمائی ہے مَیں (آئندہ) کبھی گنہگاروں کا مددگار نہ بنوں۔

رَبِّ نَجِّنِیْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ۔ (۲۸-۲۱)

رَبَّنَا وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِیْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِیْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِیْمِ۔ (۴۰-۷)

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ۔ (۴۰-۴۴)

رَبَّنَا اکْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ (۴۴-۱۲)

رَبَّنَا عَلَیْكَ تَوَکَّلْنَا وَاِلَیْكَ اَنَبْنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ۔ (۶۰-۴)

اے پروردگار! مجھے ظالم لوگوں سے نجات دے۔

اے ہمارے پروردگار! تیری رحمت اور تیرا علم ہر چیز کو احاطہ کیے ہُوئے ہے۔ تو جن لوگوں نے توبہ کی اور تیرے رستے پر چلے، ان کو بخش دے اور دوزخ کے عذاب سے بچالے۔

اور مَیں اپنا کام خُدا کے سپُرد کرتا ہوں۔ بیشک خدا بندوں کو دیکھنے والا ہے۔

اے پروردگار! ہم سے اِس عذاب کو دُور کر، ہم ایمان لاتے ہیں۔

اے ہمارے پروردگار! تجھی پر ہمارا بھروسہ ہے اور تیری ہی طرف ہم رجُوع کرتے ہیں اور تیرے ہی حضُور میں

Marfat.com

(ہمیں) لوٹ کر آنا ہے۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا
وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔
(٦٠-٥)

رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّكَ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ (٦٦-٨)

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ
بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَلَا
تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا۔ (٧١-٢٨)

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ
الرَّجِيْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ۔ (ثلاثًا)

اے ہمارے پروردگار! ہم کو کافروں کے ہاتھ سے
عذاب نہ دلانا۔ اور اے پروردگار ہمارے! ہمیں معاف
فرما، بیشک تو غالب اور حکمت والا ہے۔

اے پروردگار! ہمارا نور ہمارے لیے پورا کر، اور ہمیں
معاف فرما۔ بیشک خدا ہر چیز پر قادر ہے۔

اے میرے پروردگار! مجھ کو اور میرے ماں باپ کو
اور جو ایمان لا کر میرے گھر میں آئے اس کو، اور تمام
ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو معاف فرما اور
ظالم لوگوں کے لیے اور زیادہ تباہی بڑھا۔

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ سے جو سننے والا اور جاننے والا ہے،
شیطان مردود سے، اس کے وسوسوں سے، اس کی پھونک سے،

Marfat.com

اور اس کے جادو وغیرہ سے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ، هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ، اَللّٰهُ الصَّمَدُ ، لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۔

اللہ کے نام سے جو بے انتہا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

کہو، وُہ اللہ ہے، یکتا، اللہ سب سے بے نیاز ہے، اور سب اُس کے محتاج ہیں، نہ اُس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وُہ کسی کی اولاد، اور کوئی اس کا ہمسر نہیں ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ : اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ، مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ، وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ، وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ، وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۔

اللہ کے نام سے جو بے انتہا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

کہو، مَیں پناہ مانگتا ہوں صُبح کے رَبّ کی، ہر اُس چیز کے شَر سے، جو اُس نے پَیدا کی ہے۔ اور رات کی تاریکی کے شَر سے جب کہ وُہ چھا جائے اور گرہوں میں پھُونکنے والوں (یا والیوں) کے شَر سے، اور حاسد کے شَر سے جب کہ وہ حسد کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ، اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ، مَلِكِ النَّاسِ ، اِلٰهِ النَّاسِ ، مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ،

Marfat.com

اَلَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ، مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ۔

اللہ کے نام سے جو بے انتہا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

کہو، مَیں پناہ مانگتا ہوں انسانوں کے رَبّ، اِنسانوں کے بادشاہ، اِنسانوں کے حقیقی معبود کی اس وسوسے ڈالنے والے کے شر سے جو بار بار پلٹ کر آتا ہے۔ جو لوگوں کے دِلوں میں وسوسے ڈالتا ہے۔ خواہ وہ جنوں میں سے ہو یا اِنسانوں میں سے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ (ثلاثا)

اللہ کے نام سے جو بے انتہا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

شروع اللہ کے نام سے، نہیں تکلیف دے سکتی زمین و آسمان میں کوئی چیز اس کے نام کے ساتھ، وہ سُننے والا باخبر ہے

بِسْمِ اللّٰہِ ذِی الشَّانِ عَظِیْمِ السُّلْطَانِ شَدِیْدِ الْبُرْھَانِ قَوِیِّ الْاَرْکَانِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ اِنْسٍ وَجَانٍّ۔ (ثلاثا)

اللہ کے نام سے جو بڑی شان والا ہے، جس کی سلطنت بہت وسیع ہے، جو صاحب بُرہان، اور قوی غلبے والا ہے

Marfat.com

اُس نے جو چاہا سو ہُوا ، مَیں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں ، ہر شیطان سے خواہ وُہ اِنسانوں میں سے ہو یا جنّوں میں سے ۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (ثلاثاً)

مَیں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے کامل التاثیر کلمات کے ساتھ ہر اس چیز سے جو پیدا ہُوئی۔ (تین بار)

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللهِ الْعَظِيْمِ الَّذِىْ لَيْسَ شَئٌ اَعْظَمَ مِنْهُ وَ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ الَّتِىْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَأَ وَبَرَأَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ مَا يَلِجُ فِى الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ طَوَارِقِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ ۔

مَیں پناہ لیتا ہوں عظمت والے اللہ کے چہرے کے ساتھ جس سے بڑی کوئی چیز نہیں ہے اور اس کے کامل التاثیر کلمات کے ساتھ جن سے آگے نہ نیک بڑھ سکتا ہے اور نہ بد ، ہر اس چیز کے شر سے جو پیدا ہُوئی اور عدم سے وجُود میں آئی ۔ اور ہر اس چیز کے شر سے جو آسمان سے نازل ہوتی ہے اور جو آسمان پر جاتی ہے اور ہر اس چیز کے شر سے جو زمین میں داخل ہوتی ہے اور نکلتی ہے ۔ اور ہر اس چیز کے شر سے جو

Marfat.com

رات اور دن کے کسی بھی حصّے میں آتی ہے اِلاّ یہ کہ وہ خیریت سے آئے۔ یا رحمان!

اَصْبَحْنَا وَ اَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَـهُ الْمُلْكُ وَلَـهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ

رَبِّ اَسْاَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ وَ خَيْرَ مَا بَعْدَهٗ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَ شَرِّ مَا بَعْدَهٗ

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَ الْهَرَمِ وَسُوْٓءِ الْكِبَرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ۔

ہم نے اور اللہ واحد و قہار کے تمام ملک نے صبح کی اور تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وُہ یکتا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کی بادشاہی ہے۔ اور اسی کے لیے تمام تعریفیں ہیں، وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اے پروردگار! آج اور آج کے بعد ہر روز کی بھلائی چاہتا ہوں۔ اور آج اور آج کے بعد ہر روز کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

اے پروردگار! مَیں سستی، کمزوری، بدترین بڑھاپے، دُنیا اور عذابِ قبر کے فتنے سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

Marfat.com

اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ خَیْرَ هٰذَا الْیَوْمِ، فَتْحَهٗ وَنَصْرَهٗ وَ نُوْرَهٗ وَ بَرَكَتَهٗ وَ هُدَاهُ۔ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا بَعْدَهٗ۔

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَیْنَا وَ بِكَ نَحْیَا وَ بِكَ نَمُوْتُ وَاِلَیْكَ النُّشُوْرُ، اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَیْهِ النُّشُوْرُ۔

ہم نے اور ربّ العٰلمین کے سارے مُلک نے صبح کی۔

اے اللہ! مَیں تجھ سے اِس دن کی بہتری یعنی فتح اور نُصرت چاہتا ہوں، اور نوُر، برکت اور ہدایت کا طلب گار ہوں۔ اور تیری پناہ میں آتا ہوں۔ اِس دن اور اس دِن کے بعد ہر آنے والے دِن کی برائیوں سے۔

اے اللہ! ہم نے صُبح کی تیرے نام سے اور تیرے ہی نام سے شام کریں گے۔ اور تیرے ہی نام سے زندہ رہیں گے اور تیرے ہی نام سے مریں گے، اور تیرے ہی حضُور اُٹھ کر حاضر ہونگے، ہم نے اور اللہ کے سارے مُلک نے صُبح کی، اللہ ہی کے لیے ہیں۔ تمام تعریفیں، اُس کا کوئی شریک نہیں، اور اس کے سوا کوئی معبُود نہیں، اور آخرکار اسی کی طرف لوٹنا ہے

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَمَلِیْکَہٗ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطَانِ وَشِرْکِہٖ وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰی نَفْسِیْ سُوْءًا اَوْ اَجُرَّہٗ اِلٰی مُسْلِمٍ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَصْبَحْتُ اُشْھِدُکَ وَاُشْھِدُ حَمَلَۃَ عَرْشِکَ وَمَلَائِکَتَکَ وَجَمِیْعَ خَلْقِکَ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ (ثلاثًا)

اے اللہ! پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے، جاننے والے غائب اور حاضر کے، ہر چیز کے پروردگار اور مالک! مَیں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، مَیں اپنے نفس، شیطان اور اُس کے پھندوں کی برائیوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور یہ کہ مَیں اپنی جان یا کسی دُوسرے مُسلمان کی بُرائی کروں۔

اے اللہ! مَیں نے صُبح کی، مَیں تجھ کو، اور تیرے عرش کے اٹھانے والوں کو اور تیرے تمام فرشتوں کو، اور تیری ساری مخلوق کو اِس بات پر گواہ کرتا ہُوں کہ تُو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبُود نہیں، تو اکیلا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں ہے اور یقیناً حضرت محمدؐ تیرے بندے اور رسُولؐ ہیں (تین بار)

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْاَلُکَ الْعَفْوَ وَ الْعَافِیَۃَ فِی دِیْنِیْ وَ دُنْیَایَ وَاَھْلِیْ وَ مَالِیْ۔

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْعَوْرَاتِیْ وَآمِنْ رَوْعَاتِیْ، اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَ مِنْ خَلْفِیْ، وَ عَنْ یَمِیْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ وَ مِنْ فَوْقِیْ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِکَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَعَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَبِمُحَمَّدٍ ﷺ نَبِیًّا وَ رَسُوْلاً۔

اے اللہ! مَیں اپنے دین و دنیا، اور مال و اولاد میں صحت و عافیت کا سوال ہوں۔

اے اللہ! میرے عیب ڈھانک دے، اور خوف کی چیزوں سے مجھے امن دے، اے اللہ! میری حفاظت فرما میرے آگے سے، میرے پیچھے سے، میرے دائیں اور بائیں سے، میرے اُوپر سے، مَیں تیری عظمت کی پناہ میں آتا ہوں اس بات سے کہ مَیں اپنے نیچے سے دھنسا دیا جاؤں۔

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے۔ اُس کا کوئی شریک نہیں، اُسی کی بادشاہت ہے اور اُسی کے لیے تمام تعریفیں ہیں اور وُہ ہر چیز پر قادر ہے۔

Marfat.com

میں راضی ہُوا اللہ کے رَبّ ہونے، اسلام کے دین ہونے، اور حضرت محمدؐ کے نبی اور رسُول ہونے پر۔

اَللّٰھُمَّ مَا اَصْبَحَ بِیْ مِنْ نِعْمَۃٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِنْ خَلْقِکَ فَمِنْکَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ. فَلَکَ الْحَمْدُ وَلَکَ الشُّکْرُ. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ، وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ۔

اے اللہ! صبح کے وقت جو نعمت مجھ کو ملے، یا تیری مخلوق میں سے کسی کو ملے وُہ تجھ اکیلے ہی کی طرف سے ہے تیرا کوئی شریک نہیں، ہر قسم کی تعریف اور ہر قسم کا شکر تیرے ہی لیے خاص ہے۔

---

بقول امام نوویؒ افضل درُود شریف یہ ہے

اللّٰھم صلّ علٰی محمّد عبدلک ورسولک النبی الامی وعلٰی اٰل محمّد و ازواجہ وذریاتہ کما صلیت علٰی ابراھیم وعلٰی اٰل ابراھیم و بارک علٰی محمّد و علٰی اٰل محمّد و ازواجہ وذریاتہ کما بارکت علٰی ابراھیم و علٰی اٰل ابراھیم فی العالمین انّک حمید مجید۔

یہ روایت صحیح بخاری اور صحیح مُسلم میں ہے

Marfat.com

اے اللہ ! رحم و کرم فرما ، حضرت محمدؐ پر اور حضرت محمدؐ کی آل پر، جس طرح کہ تو نے رحم و کرم فرمایا حضرت ابراہیمؑ پر اور حضرت ابراہیمؑ کی آل پر، بیشک تو ہی ہے تعریف اور بزرگی کے لائق ۔

اے اللہ ! برکت نازل فرما حضرت محمدؐ پر اور حضرت محمدؐ کی آل پر، جس طرح برکت نازل کی تو نے حضرت ابراہیمؑ پر، اور حضرت ابراہیمؑ کی آل پر، بے شک تو ہی ہے تعریف اور بزرگی کے لائق ۔

اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ سَمْعِیْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ (ثلاثا)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَ الْفَقْرِ وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْتَ ۔ (ثلاثا)

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ مَا شَآءَ اللهُ كَانَ، وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ. اَعْلَمُ اَنَّ اللهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ وَاَنَّ اللهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ۔

اے اللہ ! مجھے میرے بدن میں عافیت عطا فرما،
اے اللہ ! مجھے میرے کان میں عافیت عطا فرما، (تین بار)
اے اللہ ! مجھے میری آنکھ میں عافیت عطا فرما،

اے اللہ ! میں کفر، تنگ دستی اور عذاب قبر سے پناہ مانگتا ہوں، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ۔ (تین بار)

Marfat.com

پاک ہے اللہ اپنی حمدوں کے ساتھ، اللہ کے سوا نیکی کرنے کی طاقت نہیں، جو اللہ نے چاہا سو ہُوا، اور جو نہیں چاہے گا وُہ ہرگز نہیں ہوگا، مَیں یقین رکھتا ہوں کہ بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور بیشک اللہ بلحاظ علم کے ہر چیز کا احاطہ کیے ہُوئے ہے۔

اَصْبَحْنَا عَلٰى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ وَكَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ وَ دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ ﷺ وَعَلٰى مِلَّةِ اَبِيْنَا اِبْرَاهِيْمَ، حَنِيْفًا مُسْلِمًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ، يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَام، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ، اَصْلِحْ لِىْ شَاْنِىْ وَلَا تَكِلْنِىْ اِلٰى نَفْسِىْ طَرْفَةَ عَيْنٍ۔

ہم نے صُبح کی دینِ اسلام پر، کلمۂ اخلاص پر، اور اپنے نبی حضرت محمدؐ کے دین پر، اور اپنے باپ حضرت ابراہیمؑ کی مِلّت پر، جو یکسُو اور مُشرک نہ تھے۔

اے زندہ اور قائم رہنے والے! اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنیوالے! اے بزرگی اور عزّت والے! تیرے سوا کوئی معبُود نہیں۔ مَیں تیری رحمت کا اُمیدوار ہُوں، میرے تمام حالات کو درست فرما! اور ایک لمحہ کے لیے بھی مجھے میرے نفس کے سپُرد نہ کر۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اَنتَ رَبِّیْ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اَنتَ خَلَقْتَنِیْ
وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ
مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ ۔
اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ
لِیْ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنتَ ۔

اے اللہ! تو میرا پروردگار ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو نے مجھے بنایا، اور میں تیرا بندہ ہوں، اور میں تیرے ساتھ کیے ہوئے عہد اور وعدے پر قائم ہوں۔ اپنی طاقت کے مطابق، میں تیری پناہ چاہتا ہوں بُرے کاموں کے وبال سے جو میں نے کیے ہیں۔ مجھے اقرار ہے اُس احسان کا جو تُو نے مجھ پر کیا ہے اور مجھے اعتراف ہے اپنے گناہوں کا، پس معاف فرما میرے گناہ، کیونکہ تیرے سوا کوئی نہیں بخش سکتا۔

اَللّٰھُمَّ اَنتَ اَحَقُّ مَنْ ذُكِرَ وَاَحَقُّ مَنْ
عُبِدَ وَاَنْصَرُ مَنِ ابْتُغِیَ وَاَرْاَفُ مَنْ مَلَكَ
وَاَجْوَدُ مَنْ سُئِلَ وَاَوْسَعُ مَنْ اَعْطٰی ۔ اَنتَ
الْمَلِكُ لَا شَرِیْكَ لَكَ وَالْفَرْدُ الَّذِیْ لَا
یَنِدُّ لَكَ كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْھَكَ لَنْ
تُطَاعَ اِلَّا بِاِذْنِكَ وَلَنْ تُعْصٰی اِلَّا بِعِلْمِكَ
تُطَاعُ فَتَشْكُرُ وَتُعْصٰی فَتَغْفِرُ، اَقْرَبُ
شَھِیْدٍ وَاَدْنٰی حَفِیْظٍ حُلْتَ دُوْنَ النُّفُوْسِ
وَاَخَذْتَ بِالنَّوَاصِیْ وَكَتَبْتَ الْاٰثَارَ وَنَسَخْتَ

Marfat.com

اَلْاٰجَالَ، اَلْقُلُوْبُ لَكَ مُفْضِيَةٌ وَالسِّرُّ عِنْدَكَ عَلَانِيَةٌ اَلْحَلَالُ مَا اَحْلَلْتَ وَ الْحَرَامُ مَا حَرَّمْتَ وَالدِّيْنُ مَا شَرَعْتَ وَالْخَلْقُ خَلْقُكَ وَالْعَبْدُ عَبْدُكَ وَاَنْتَ اللّٰهُ الرَّءُوْفُ الرَّحِيْمُ. اَسْاَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِىْ اَشْرَقَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ وَ بِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ. وَ بِحَقِّ السَّائِلِيْنَ عَلَيْكَ ، اَنْ تَقْبَلَنِىْ فِىْ هٰذِهِ الْغَدَاةِ وَ اَنْ تُجِيْرَنِىْ مِنَ النَّارِ بِقُدْرَتِكَ.

اے اللہ! جن کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُن سب سے زیادہ حق دار ہے کہ تیرا ذکر ہو جن کی عبادت کی جارہی ہے تو اُن سب سے زیادہ حق دار ہے کہ تیری عبادت ہو، جن کو تلاش کیا جارہا ہے تو اُن سب سے زیادہ مدد کرنے والا ہے، جو مالک ہیں تو اُن سب سے زیادہ مہربان ہے، جن سے سوال کیا جاتا ہے تو اُن سب سے زیادہ بخشش کرنے والا ہے جو دیتے ہیں تو اُن سب سے زیادہ دینے والا ہے تو بادشاہ ہے۔ تیرا کوئی شریک نہیں، تو ایسا یکتا ہے جس کا کوئی ہمسر نہیں، تیرے سوا ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے۔ تیرے ہی حکم سے تیری اطاعت ہوئی، تیری جو بھی نافرمانی ہوتی ہے وہ تیرے علم میں ہے۔ تیری اطاعت ہوتی ہے تو تو بہترین بدلہ دیتا ہے۔ تیری نافرمانی ہوتی ہے تو تو بخشتا ہے۔ تو قریب تر گواہ ہے تو ایسا محافظ ہے، جو بہت ہی نزدیک ہے۔

تمام لوگوں کے علاوہ تو زیادہ نزدیک ہے، ساری کائنات

Marfat.com

کی پیشانیاں تیرے ہاتھ میں ہیں، تمام چیزوں کا علم تونے لکھا موت کے وقت کو تُو نے لکھا، تمام لوگوں کے دل تیرے ہی محتاج ہیں، ہر قسم کے بھید تیرے نزدیک ظاہر ہیں، حلال وہ جسے تُو حلال قرار دے، حرام وُہ جسے تُو حرام قرار دے، دین وہ جسے تُو مشروع قرار دے، ساری مخلوق تیری ہی ہے۔ سارے بندے تیرے ہی ہیں، تُو ایسا اللہ ہے جو بہت ہی رؤف و رحیم ہے۔ مَیں سوال کرتا ہوں تیرے نورانی چہرے کے ساتھ جس نے آسمانوں اور زمین کو روشن کر رکھا ہے۔ اور ہر اُس حق کے ساتھ جو تیرے ہی لیے ہے اور تمام مانگنے والوں کے حق کے ساتھ کہ تُو قبول فرما اسی صُبح کو، اور اپنی قدرت کاملہ سے مجھے آگ سے نجات دے۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَہٗ، لَـہُ الْمُلْكُ وَلَـہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

مجھے اللہ کافی ہے جس کے سوا کوئی معبُود نہیں، مَیں نے اُسی پر بھروسہ کیا ہے اور وُہ عرشِ عظیم کا مالک ہے

اللہ کے سوا کوئی معبُود نہیں، وُہ ایسا یکتا ہے۔ جس کا کوئی شریک نہیں؛ بادشاہی اور سب تعریفیں اُسی کے لیے ہیں۔ اور وُہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

Marfat.com

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى
آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ آلِ
اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَ الْحُزْنِ
وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَ الْكَسَلِ وَمِنَ
الْبُخْلِ وَ الْجُبْنِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ
الدَّيْنِ وَ قَهْرِ الرِّجَالِ۔

اے اللہ! رحم و کرم فرما حضرۃ محمدؐ اور آپ کی آل پر، جس طرح تُونے رحم و کرم فرمایا حضرت ابراہیمؑ اور آپ کی آل پر، بیشک تُوہی بزرگی اور تعریف کے لائق ہے۔

اے اللہ! برکت نازل فرما حضرت محمدؐ اور آپ کی آل پر، جس طرح برکت نازل فرمائی تُونے حضرت ابراہیمؑ اور آپ کی آل پر، بیشک تُوہی بزُرگی اور تعریف کے لائق ہے۔

اے اللہ! مَیں تیری پناہ چاہتا ہوں فکر و غم سے، اور پناہ چاہتا ہوں ناتوانی اور سُستی سے، اور پناہ چاہتا ہوں بُخل اور بُزدلی سے، اور پناہ چاہتا ہوں قرض کے غلبے اور لوگوں کے سخت دباؤ سے۔

اَصْبَحْنَا وَ اَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْكِبْرِيَاءُ
وَالْعَظَمَةُ وَ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ وَاللَّيْلُ وَالنَّهَارُ

Marfat.com

وَمَا يَضْحٰى فِيْهِمَا لِلّٰهِ وَحْدَهٗ ۔

ہم نے اور سب ملک نے اللہ کے لیے صبح کی بڑائی
بزرگی پیدا کرنا، حکم کرنا، رات اور دن، اور جس چیز کو بھی
دھوپ لگے، سب اللہ واحد کے لیے ہے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوَّلَ هٰذَا الْيَوْمِ صَلَاحًا، وَاَوْسَطَهٗ فَلَاحًا وَآخِرَهٗ نَجَاحًا اَسْاَلُكَ خَيْرَىِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِىْ يَدَيْكَ وَمِنْكَ وَاِلَيْكَ۔

اے اللہ! اس دن کے پہلے وقت کو درست، درمیانے
کو کامیاب اور آخری حصے کو آسان فرما۔ اے ارحم الراحمین!
میں دنیا اور آخرت کی بھلائی کا طالب ہوں۔

حاضر اے اللہ میں حاضر، نیک بختی اور خیر و عافیت تیرے
ہی ہاتھ میں ہے۔ اور تجھ سے ہی حاصل ہوتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ مَا قُلْتُ مِنْ قَوْلٍ اَوْ حَلَفْتُ مِنْ حَلِفٍ اَوْ نَذَرْتُ مِنْ نَذْرٍ فَمَشِيْئَتُكَ بَيْنَ يَدَىْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ مَا شِئْتَ كَانَ وَمَا لَمْ تَشَاءْ لَمْ يَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ ۔

Marfat.com

اے اللہ! مَیں نے جو بات کہی، یا کوئی قسم کھائی، یا کوئی نذر مانی ہے تو میرے اور اُس کے درمیان تیری مشیّت حائل ہے۔ جو تُو چاہے گا وہی ہوگا اور جو تُو نہیں چاہے گا وُہ ہرگز نہیں ہوسکتا۔ تیرے سوا نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمّت۔

اَللّٰهُمَّ مَا صَلَّيْتُ مِنْ صَلَاةٍ فَعَلٰى مَنْ صَلَّيْتَ وَمَا لَعَنْتُ مِنْ لَعْنٍ فَعَلٰى مَنْ لَعَنْتَ اَنْتَ وَلِيِّ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَ اَلْحِقْنِيْ بِالصَّالِحِيْنَ۔

اے اللہ! مَیں نے جس قسم کی بھی دُعا کی ہے اُسے اُس شخص کے لیے فائدہ مند بنادے جس پر تُونے رحمت کی ہے اور مَیں نے جس قسم کی کسی پر لعنت کی ہے اُسے اُس شخص کے لیے کردے جس پر تُونے لعنت کی ہے۔ دُنیا اور آخرت میں تو ہی میرا دوست ہے، مجھے مُسلمان کرکے فوت کرنا اور صالحین سے ملانا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الرِّضٰى بَعْدَ الْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ، وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَائِكَ فِيْ غَيْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ، وَاَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَعْتَدِيْ اَوْ يُعْتَدٰى عَلَيَّ اَوْ اَكْتَسِبَ

Marfat.com

خَطِيْـئَةً اَوْ ذَنبًا لَا تَغْفِـرُهٗ ۔

اے اللہ! مَیں تجھ سے قضا کے بعد رضا کا سوال کرتا ہوں اور موت کے بعد عمدہ زندگی کا طالب ہوں اور تیرے کریم مکھڑے کی لذتِ دیدار کا طالب ہوں، اور تیری ملاقات کا مشتاق ہوں اور وُہ بھی کسی تکلیف اور گمراہ کُن فتنے کے بغیر تیری پناہ چاہتا ہوں کہ مَیں کسی پر ظلم کروں یا کوئی مجھ پر ظلم کرے یا کسی پر مَیں زیادتی کروں یا کوئی مجھ پر زیادتی کرے، یا ایسی کوئی غلطی یا گناہ کر بیٹھوں جسے تُو معاف نہ کرے۔

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ، اِنِّیْ اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِیْ هٰذِهِ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَاُشْهِدُكَ وَكَفٰى بِكَ شَهِيْدًا ؛ اَنِّیْ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ ۔وَاَشْهَدُ اَنَّ وَعْدَكَ حَقٌّ وَلِقَاءَكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةَ حَقٌّ ۔ وَالنَّارَ حَقٌّ وَاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّكَ تَبْعَثُ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ وَاَنَّكَ اِنْ تَكِلْنِیْ اِلٰى نَفْسِیْ تَكِلْنِیْ اِلٰى ضَعْفٍ وَعَوْرَةٍ وَذَنْبٍ وَخَطِيْـئَةٍ وَاَنِّیْ لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ كُلَّهَا وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ

Marfat.com

اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ -

اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، غیب اور حاضر کے جاننے والے، بزرگی اور کرم والے، میں اس دُنیاوی زندگی میں تیرے سامنے اقرار کرتا ہوں اور تجھے گواہ بناتا ہوں کیونکہ تُو ہی بہتر گواہ ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو ایسا واحد و یکتا ہے۔ جس کا کوئی شریک نہیں، اور یہ کہ حضرت محمدؐ تیرے بندے اور رسول ہیں، اور میں یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ تیرا وعدہ سچا، تیری مُلاقات برحق، جنّت اور دوزخ حق، اور قیامت برپا ہونے والی ہے، جس میں کوئی شبہ نہیں، اور تُو تمام اہلِ قبور کو اٹھائے گا۔ اگر تُو نے مجھے میرے نفس کے سپرد کر دیا تو کمزور، گنہگار، خطاکار، اور ننگے شرافت کے سپرد کرے گا۔ اور میں تو صرف تیری ہی رحمت پر بھروسہ کرتا ہوں، پس میرے تمام گناہ معاف فرما اور میری توبہ قبول فرما، بیشک تُو ہی توبہ قبول کرنے والا، بہت مہربان ہے۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى، مُنَزِّلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْفُرْقَانِ، اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ اَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ

Marfat.com

فَوْقَكَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَیْءٌ اَقْضِ عَنِّی الدَّيْنَ وَاَغْنِنِیْ مِنَ الْفَقْرِ۔

اے اللہ! زمین اور آسمانوں کے پروردگا، عرشِ عظیم کے مالک، ہمارے اور ہر چیز کے پروردگار! دانے اور گٹھلی کے پیدا کرنے والے، توراۃ، انجیل اور فرقانِ حمید کے نازل کرنے والے۔ مَیں پناہ مانگتا ہوں ہر اُس چیز کے شر سے جس کی پیشانی تُو پکڑے ہُوئے ہے، تُو ہی اوّل ہے، تجھ سے پہلے کوئی چیز نہ تھی، تُو ہی آخر ہے، تیرے بعد کوئی چیز نہ ہوگی، تُو ظاہر ہے تیرے اُوپر کوئی چیز نہیں، تُو باطن ہے تیرے ورے کوئی چیز نہیں، میرا قرض دُور فرما، اور تنگدستی سے مجھے نجات دے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ۔

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ لَا یَھْدِیْ لِاَحْسَنِھَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَھَا لَا یَصْرِفُ عَنِّیْ سَیِّئَھَا اِلَّا اَنْتَ.

اے اللہ! مَیں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے کہ مَیں ذلیل عمر (بڑھاپے) کی طرف لوٹایا جاؤں۔

اے اللہ! مجھے اخلاقِ حسنہ اور اچھے اعمال کرنے کی توفیق عطا فرما، کیونکہ اچھے اعمال کرنے کی توفیق تُو ہی دے سکتا ہے اور مجھے بُرے اعمال سے محفوظ رکھ، کیونکہ بُرے

Marfat.com

اعمال سے مجھے تُو ہی دُور رکھ سکتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْقَسْوَۃِ وَالْغَفْلَۃِ وَالذِّلَّۃِ وَالْمَسْکَنَۃِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَۃِ وَالرِّیَاءِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَکَمِ وَالْجُذَامِ وَالْحُذَامِ وَسَیِّءِ الْاَسْقَامِ۔

اے اللہ! میرے دِین کی اِصلاح ۔ میرے گھر کو وسیع اور میرے رزق میں برکت عطا فرما۔

اے اللہ! مَیں تجھ سے سختی، غفلت، ذِلّت، اور مسکینی سے پناہ مانگتا ہوں، اور کفر، فسق، بدبختی، سُمعہ اور ریاکاری سے بھی پناہ مانگتا ہوں۔ اور گونگے پَن، بہرے پَن، کوڑھ کاہلی اور بدترین بیماریوں سے بھی پناہ مانگتا ہوں۔

اَللّٰھُمَّ آتِ نَفْسِیْ تَقْوَاھَا وَزَکِّھَا اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَکَّاھَا اَنْتَ وَلِیُّھَا وَمَوْلَاھَا۔

اے اللہ! میرے نفس کو تقوٰے عطا فرما، اسے پاک کر، کیونکہ تُو بہترین پاک کرنے والا ہے۔ اور تُو ہی میرے نفس کا والی اور مولیٰ ہے۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ عِلۡمٍ لَا یَنۡفَعُ، وَقَلۡبٍ لَا یَخۡشَعُ وَ نَفۡسٍ لَا تَشۡبَعُ وَ دَعۡوَةٍ لَا یُسۡتَجَابُ لَهَا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ شَرِّ مَا عَمِلۡتُ وَمِنۡ شَرِّ مَا لَمۡ اَعۡمَلۡ وَاَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ شَرِّ مَا عَلِمۡتُ وَمِنۡ شَرِّ مَا لَمۡ اَعۡلَمۡ۔

اے اللہ! مَیں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے ایسے علم سے جو فائدہ نہ دے، ایسے دل سے جو نہ ڈرے، اور ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو اور ایسی دُعا سے جو قبول نہ ہو۔

اے اللہ! مَیں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اپنے بُرے اعمال کے شر سے، اور اُن اعمال کے شر سے بھی جو مَیں نے ابھی تک نہیں کیے، اور مَیں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اپنی معلومات کے شر سے، اور اُن اشیاء کے شر سے بھی جو مَیں نہیں جانتا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ زَوَالِ نِعۡمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِكَ وَفُجَاءَةِ نِقۡمَتِكَ، وَ جَمِیۡعِ سُخۡطِكَ۔

اے اللہ! مَیں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے کہ تیری نعمت زائل ہو جائے، اور تیری عافیت منتقل ہو جائے اور تیری اچانک گرفت سے، اور تیری ہر قسم کی ناراضی سے۔

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَدْمِ وَالتَّرَدِّیْ
وَمِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ وَاَعُوْذُ بِكَ
مِنْ اَنْ یَتَخَبَّطَنِیَ الشَّیْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ،
وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ لَدِیْغًا وَاَعُوْذُ بِكَ
مِنْ طَمَعٍ یَهْدِیْ اِلٰی طَبَعٍ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی
آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی
آلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے گرنے، ہلاک ہونے، ڈوبنے، جلنے اور بڑھاپے سے اور پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ کہیں موت کے وقت مجھے شیطان کسی فتنہ وفساد میں مبتلا کر دے، اور پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ موت آئے کہ مجھے کسی کیڑے نے کاٹ کھایا ہو۔ اور پناہ مانگتا ہوں ایسے طمع سے جو عیب دار کر دے۔

اے اللہ! اپنی رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور آپ کی آل پر جس طرح رحمت نازل کی تو نے حضرت ابراہیمؑ اور آپ کی آل پر، بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے اور برکت نازل فرما حضرت محمدؐ اور آپ کی آل پر جس طرح برکت نازل کی تو نے حضرت ابراہیمؑ اور آپ

Marfat.com

کی آل پر، بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَاءِ وَالْاَدْوَاءِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الْعَدُوِّ وَشَمَاتَةِ الْعِبَادِ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ وَسَیِّئِ الْاَسْقَامِ۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ جِدِّیْ وَهَزْلِیْ، وَ خَطَئِیْ وَعَمْدِیْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِیْ۔

اے اللہ! مَیں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے بُرے اخلاق اعمال سے، بُری خواہشات اور مُہلک بیماریوں سے، اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے قرض کے غلبے، دُشمن کے دباؤ، اور لوگوں کی ہنسی سے۔

اے اللہ! پناہ مانگتا ہوں تجھ سے پھُل بہری، کوڑھ، اور اِنتہائی مُہلک بیماریوں سے۔

اے اللہ! میری سنجیدہ اور مذاقیہ لغزشیں، جان بُوجھ اور بھُول کر کیے ہُوئے تمام گناہ معاف فرما، کیونکہ یہ تمام میرے اعمالنامہ میں موجُود ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیْ، اَلَّذِیْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَاشِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ آخِرَتِیْ، الَّتِیْ اِلَیْهَا مَعَادِیْ وَاجْعَلِ الْحَیَاةَ زِیَادَةً لِیْ

Marfat.com

فِی کُلِّ خَیْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَۃً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ ، وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ وَاھْدِنِیْ وَیَسِّرِ الْھُدٰی لِیْ ۔

اے اللہ! میرے دین کی اصلاح فرما جو میرے تمام امور کا محافظ ہے۔ اور میری دُنیا کی اصلاح فرما، جس میں میری گذران ہے، اور آخرت کی اصلاح فرما۔ جہاں مجھے لوٹ کر جانا ہے۔ اور میری زندگی کو زیادہ کر ہر بھلائی میں، اور میری موت کو ہر شر سے آسان فرما۔ اے میرے پروردگار! میری مدد فرما اور میرے خلاف مدد نہ کر، میری اعانت فرما اور میرے خلاف امداد نہ کر، مجھے ہدایت فرما اور ہدایت کو میرے لئے آسان فرما۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ ذَکَّارًا لَّکَ شَکَّارًا لَّکَ مِطْوَاعًا لَّکَ مُخْبِتًا اِلَیْکَ اَوَّاھًا مُّنِیْبًا ، رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَاھْدِ قَلْبِیْ وَسَدِّدْ لِسَانِیْ وَاسْلُلْ سَخِیْمَۃَ صَدْرِیْ ۔

اے اللہ! مجھے اپنا ذِکر کرنے والا، اپنا شکر کرنے والا، اپنا فرمانبردار، اپنا عاجز، اپنے در کا آہیں بھرنے والا، اور اپنی جانب لوٹنے والا بنا۔

اے میرے پروردگار! میری توبہ قبول فرما، میرے گناہ

Marfat.com

دھو ڈال، میری دُعا کو شرفِ قبولیت عطا فرما، میرے دل کو ہدایت فرما، میری زبان کو سیدھی اور دِل کو ثابت رکھ اور میرے دِل کی سیاہی، کینے، اور غصّے کو نکال باہر کر۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ، وَالْعَزِیْمَۃَ عَلَی الرُّشْدِ وَاَسْاَلُکَ شُکْرَ نِعْمَتِکَ وَحُسْنَ عِبَادَتِکَ وَاَسْاَلُکَ قَلْبًا سَلِیْمًا وَلِسَانًا صَادِقًا وَاَسْاَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُکَ مِمَّا تَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ۔

اے اللہ! مَیں سوال کرتا ہوں تمام اُمور میں ثابت قدمی کا، ہدایت پر پختگی کا، تیری نعمتوں کے شکر کرنے کا، تیری بہترین عبادت کا، قلبِ سلیم کا، سچی زبان کا، اور اُن بھلائیوں کا جن کو تُو جانتا ہے، اور مَیں پناہ مانگتا ہوں ان چیزوں کے شر سے، جن کو تو جانتا ہے اور بخشش طلب کرتا ہوں اُن گناہوں سے جن کو تُو جانتا ہے۔ کیونکہ تُو تمام پوشیدہ چیزوں کو جاننے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ وَ ذُرِّیَّتِہٖ۔

اے اللہ رحمت نازل فرما حضرۃ محمدؐ، آپ کی آل، آپ کے صحابہ کرامؓ، آپ کی ازواج مطہرات، اور آپ کی

اولاد پر۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اَلْهِمْنِیْ رُشْدِیْ وَقِنِیْ شَرَّ نَفْسِیْ،

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِیْنَ وَاَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَتَرْحَمْنِیْ وَاِذَا اَرَدْتَ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِیْ اِلَیْكَ مِنْهَا غَیْرَ مَفْتُوْنٍ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّكَ وَحُبَّ كُلِّ عَمَلٍ یُّقَرِّبُنِیْ اِلٰی حُبِّكَ۔

اَللّٰھُمَّ حَبِّبْنِیْ اِلَیْكَ وَاِلٰی مَلَائِكَتِكَ وَاَنْبِیَائِكَ وَجَمِیْعِ خَلْقِكَ۔

اے اللہ! میری ہدایت مجھے عطا فرما۔ اور میرے نفس کی شرارتوں سے مجھے محفوظ رکھ۔

اے اللہ! مَیں اچھّے کام کرنے۔ بُرے کام چھوڑنے، اور مساکین سے محبّت کرنے کا سوالی ہوں۔ اور یہ کہ مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما، اور جب تُو اپنے بندوں پر کسی آزمائش کا ارادہ کرے تو بغیر کسی آزمائش کے مجھے اپنے پاس بُلالے۔

اے اللہ! مَیں تجھ سے تیری محبّت کا سَوال کرتا ہوں اور اُس شخص کی محبّت کا بھی جو تجھ سے محبّت رکھتا ہو، اور ہر ایسے عمل سے محبّت کا خواستگار ہوں جو مجھے تیری محبت کے قریب کردے۔

Marfat.com

اے اللہ! مجھے اپنا، اپنے فرشتوں کا، اپنے انبیا رکرام
کا، اور اپنی تمام مخلوق کا محبوب بنا دے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَفْسِیْ
وَاَھْلِیْ وَ مَالِیْ وَوَلَدِیْ وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ
عَلَی الظَّمَاءِ۔

اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَ بَصَرِیْ وَانْصُرْنِیْ
عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ وَخُذْ مِنْہُ بِثَارِیْ۔

اے اللہ! اپنی محبّت کو میرے ہاں میری جان، میرے
اہل وعیال، میرے مال و دولت اور پیاس کے وقت ٹھنڈے
پانی سے بھی زیادہ محبُوب فرما دے۔

اے اللہ! میرے کان اور میری آنکھ کو میرے لیے
فائدہ مند بنا، اور جو مجھ پر ظُلم کرے، اُس کے خلاف میری
مدد فرما، اور اُس سے میرا بدلہ تُو خود لے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ خَیْرَ عُمُرِیْ اٰخِرَہٗ وَخَیْرَ
عَمَلِیْ خَوَاتِمَہٗ وَخَیْرَ اَیَّامِیْ یَوْمَ لِقَائِكَ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ عِیْشَۃً نَقِیَّۃً وَمِیْتَۃً
سَوِیَّۃً وَمَرَدًّا غَیْرَ مَخْذُوْلٍ فَاضِحٍ۔

اے اللہ! میری آخری عمر، اور میرے آخری اعمال کو
بہتر بنا۔ اور بہترین دن وُہ بنا جن میں تیری مُلاقات ہو۔
اے اللہ! مَیں سوال کرتا ہوں صاف ستھری زندگی اور
عمدہ موت کا، اور لوٹنا ایسا جس میں ذلّت و رسوائی نہ ہو۔

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَاجْعَلْنِیْ شَكُوْرًا، وَاجْعَلْنِیْ فِیْ عَیْنِیْ صَغِیْرًا وَفِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ كَبِیْرًا، رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاهْدِنِی السَّبِیْلَ الْاَقْوَمَ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّیَّتِهٖ ۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِیْ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّیْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِیْ۔

اے اللہ! مجھے صابر و شاکر بنا، مجھے میرے دل میں چھوٹا اور لوگوں کے دلوں میں بڑا بنا، اے پروردگار! مجھے بخش اور معاف فرما اور سیدھے راستے کی رہنمائی فرما۔

اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ آپ کی آل، آپ کے صحابہ کرام، آپ کی ازواجِ مطہرات اور آپ کی اولاد پر۔

اے اللہ! بڑھاپے اور آخری عمر میں میرا رزق وسیع فرما۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ خَیْرَ الْمَسْاَلَةِ وَخَیْرَ الدُّعَاءِ وَخَیْرَ النَّجَاحِ ، وَخَیْرَ الثَّوَابِ. وَثَبِّتْنِیْ وَ ثَقِّلْ مَوَازِیْنِیْ وَحَقِّقْ اِیْمَانِیْ ، وَارْفَعْ دَرَجَتِیْ وَتَقَبَّلْ صَلَاتِیْ وَ اغْفِرْ خَطِیْئَاتِیْ وَ اَسْاَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ۔ آمِیْن۔

Marfat.com

اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں عمدہ سوال اور بہترین دُعا کا
بہترین کامیابی اور اچھے اجر کا، مجھے ثابت قدم رکھ، میری نیکیوں
کے پلڑے کو بھاری فرما، میرے ایمان کو مضبوط اور درجات کو بلند
فرما، میری نمازوں کو قبول اور میری خطاؤں کو معاف فرما اور جنت میں
بلند و بالا مقامات کا طلب گار ہوں۔ آمین

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ فَوَاتِحَ الْخَیْرِ
وَخَوَاتِمَہٗ وَ جَوَامِعَہٗ وَ اَوَّلَہٗ وَ آخِرَہٗ
وَظَاھِرَہٗ وَبَاطِنَہٗ وَالدَّرَجَاتِ الْعُلٰی
مِنَ الْجَنَّۃِ۔ آمِیْن۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ خَیْرَ مَا آتِیْ، وَخَیْرَ
مَا اَفْعَلُ، وَ خَیْرَ مَا بَطَنَ وَخَیْرَ مَا ظَھَرَ
وَاَسْاَلُکَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّۃِ۔ آمِیْن

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ اَنْ تَرْفَعَ ذِکْرِیْ
وَتَضَعَ وِزْرِیْ وَ تُطَھِّرَ قَلْبِیْ وَ تُحَصِّنَ
فَرْجِیْ وَ تَغْفِرَلِیْ ذَنْبِیْ وَاَسْاَلُکَ الدَّرَجَاتِ
الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّۃِ۔ اٰمِیْن

اے اللہ! میں تمام امور کی ابتدا اور انتہا کی بہتری کا سوال کرتا
ہوں، اوّل و آخر اور ظاہر و باطن کی اچھائی کا بھی متمنی ہوں اور جنت
میں بلند و بالا مقامات کا طلب گار ہوں۔ آمین

اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں اس عمل کی بہتری کا جو میں
لے کر حاضر ہوں اور جو کچھ انجام دوں اور ظاہر و باطن کی عمدگی کا او

Marfat.com

جنت میں بلند و بالا مقامات کا بھی سوالی ہوں۔

اے اللہ! مَیں سوال کرتا ہُوں کہ میرے ذکر کو بلند فرما، میرے بوجھ کو اُتار پھینک، میرے دل کو پاک فرما، میری شرم گاہ کی حفاظت فرما اور میرے گناہ معاف فرما اور جنّت میں بلند و بالا مقامات کا بھی آرزومند ہُوں۔ آمین

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسْاَلُكَ اَنۡ تُبَارِكَ لِیۡ فِیۡ سَمْعِیۡ وَ فِیۡ بَصَرِیۡ وَ فِیۡ رُوۡحِیۡ وَ فِیۡ خَلْقِیۡ، وَ فِیۡ اَهْلِیۡ وَ فِیۡ مَحْيَایَ وَ فِیۡ عَمَلِیۡ وَ تَقَبَّلْ حَسَنَاتِیۡ وَ اَسْاَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ آمِیۡن۔

اے اللہ! مَیں سوال کرتا ہُوں کہ میرے کان، میری آنکھ، میری رُوح، میرے اخلاق، میرے مکھڑے، میرے اہل و عیال، میری زندگی اور میرے اعمال میں برکت عطا فرما اور نیکیوں کو شرفِ قبولیت عطا فرما اور جنّت میں بلند و بالا مقامات کا بھی سوالی ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ جَهْدِ الْبَلَاءِ وَ دَرْكِ الشَّقَاءِ وَسُوۡءِ الْقَضَاءِ وَ شَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ۔

اَللّٰهُمَّ مُقَلِّبَ الْقُلُوۡبِ، ثَبِّتْ قَلْبِیۡ عَلٰی دِیۡنِكَ۔

اے اللہ! مَیں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے سخت مشقت، بدبختی، بُرے فیصلے اور دشمنوں کے خوش ہونے سے۔

Marfat.com

اے اللہ! دلوں کو پھیرنے والے، میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ۔

اَللّٰھُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ وَ الْاَبْصَارِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰی طَاعَتِکَ۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا، وَتَقَبَّلْ مِنَّا وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّۃَ وَ نَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَ اَصْلِحْ لَنَا شَأْنَنَا کُلَّہٗ۔

اَللّٰھُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَکْرِمْنَا وَلَا تُہِنَّا، وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا، وَ آثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَیْنَا۔

اَللّٰھُمَّ اَعِنَّا عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَ حُسْنِ عِبَادَتِکَ۔

اے اللہ! دلوں اور آنکھوں کو پھیرنے والے، ہمارے دلوں کو اپنی عبادت کی طرف موڑ دے۔

اے اللہ! ہمیں بخش، ہم پر رحم فرما، ہم پر راضی ہو جا، ہمارے اعمال کو قبول فرما، ہمیں جنت میں داخل فرما، آگ سے نجات عطا فرما اور ہمارے تمام امور کی اصلاح فرما۔

اے اللہ! کمی نہ کر بلکہ ہمیں زیادہ سے زیادہ عطا فرما۔ ہماری توہین نہ کر بلکہ اپنے انعام و اکرام کی مزید بارش برسا، ہم پر کسی کو ترجیح نہ دے بلکہ ہمیں فضیلت عطا فرما۔

Marfat.com

اے اللہ! اپنے ذکر و شکر اور اپنی عمدہ عبادت کرنے پر ہماری مدد فرما۔

اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ کُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ۔

اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ مَعْصِيَتِكَ وَ مِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَ مِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مَصَائِبَ الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَ قُوَّاتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهَا الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَ انْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِیْ دِيْنِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَا يَخَافُكَ فِيْنَا وَ لَا يَرْحَمُنَا۔

اے اللہ! تمام امور میں ہمارا انجام بخیر فرما اور ہمیں دُنیا کی ذلت اور آخرت کے عذاب سے نجات عطا فرما۔

اے اللہ! ہم کو اپنا ڈر نصیب فرما جو حائل ہو جائے ہمارے اور ہمارے گناہوں کے درمیان اور اپنی اطاعت نصیب فرما جو پہنچا دے ہم کو تیری جنت میں اور ایسا یقین عطا فرما جس سے دُنیا کی

Marfat.com

مشکلات آسان ہو جائیں، ہمارے کانوں، آنکھوں اور قوت سے فائدے نصیب فرما جب تک ہم زندہ رہیں اور ان میں سے ہر ایک کو ہمارا وارث بنا۔ اور کر ہمارا بدلہ اس شخص پر جو ہم پر ظلم کرے، ہماری مدد کر ہمارے دشمن پر اور نہ کر ہماری مصیبت ہمارے دین میں اور دُنیا کو ہمارے غم کی چیز اور ہمارا مبلغ علم نہ بنا اور نہ مسلط کر ہم پر ہمارے گناہوں کی وجہ سے اُس شخص کو جو ہم پر رحم نہ کرے اور نہ ہی وہ تجھ سے ڈرے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْاَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ، وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ، وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ۔

اے اللہ! ہم سوال کرتے ہیں تیری رحمت کے اسباب کا، تیری بخشش کے سامان کا، حصّہ ہر نیکی کا، ہر قسم کے شر سے سلامتی کا، جنّت کی کامیابی کا اور آگ سے نجات کا۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ، وَلَا عَيْبًا اِلَّا سَتَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهٗ، وَلَا حَاجَةً مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ هِيَ لَكَ رِضًا وَلَنَا صَلَاحًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

اے اللہ! اے ارحم الراحمین! نہ چھوڑ ہمارے کسی گناہ کو، اِلّا یہ کہ اُسے معاف فرما دے اور نہ کسی عیب کو، اِلّا یہ کہ اُسے

Marfat.com

ڈھانک دے اور نہ کسی غم کو اِلّا یہ کہ اُسے دُور فرما دے اور نہ قرض کو اِلّا یہ کہ اُسے اتار دے اور نہ کوئی دنیاوی اور اُخروی حاجت کو جس میں تیری رضا اور ہمارے لیے بہتری ہو، اِلّا یہ کہ اُسے پورا کر دے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْاَلُكَ رَحْمَةً مِنْ عِنْدِكَ تَھْدِیْ بِھَا قَلْبِیْ وَ تَجْمَعُ بِھَا اَمْرِیْ وَتَلُمُّ بِھَا شَعْثِیْ وَ تَحْفَظُ بِھَا غَائِبِیْ، وَ تَرْفَعُ بِھَا شَاھِدِیْ، وَتُبَیِّضُ بِھَا وَجْھِیْ وَ تُزَكِّیْ بِھَا عَمَلِیْ وَ تُلْھِمُنِیْ بِھَا رُشْدِیْ وَ تَرُدُّ بِھَا اُلْفَتِیْ وَتَعْصِمُنِیْ بِھَا مِنْ كُلِّ سُوْءٍ .

اے اللہ! مَیں تیری رحمت کا طالب ہُوں تاکہ تو اُس کے ذریعہ میرے دل کو ہدایت بخشے، میرے تمام امور کو جمع کرے، میرے پراگندہ کاموں کو درست کرے، میرے غریب الوطن کی حفاظت کرے، میرے حاضر کو بلند کرے، میرے چہرے کو روشن کرے، میرے عمل میں پاکیزگی پیدا کرے، میری ہدایت کو میرے لیے مقدّر فرما دے، میری محبّت لوٹا دے اور مجھے ہر بُرائی سے محفوظ رکھے۔

اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ اِیْمَانًا صَادِقًا ، وَیَقِیْنًا لَیْسَ بَعْدَہٗ كُفْرٌ وَرَحْمَةً اَنَالُ بِھَا شَرَفَ كَرَامَتِكَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

Marfat.com

اے اللہ! مجھے ایمان صادق نصیب فرما اور ایسا یقین عطا فرما جس کے بعد کُفر نہ ہو اور ایسی رحمت نازل فرما جس کے ذریعہ دُنیا اور آخرت میں تیری فیاضی اور بخشش کے شرف کو حاصل کر سکوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الْفَوْزَ يَوْمَ الْقَضَاءِ وَعَيْشَ السُّعَدَاءِ وَمَنْزِلَ الشُّهَدَاءِ وَمُرَافَقَةَ الْاَنْبِيَاءِ وَالنَّصْرَ عَلَى الْاَعْدَاءِ۔

اے اللہ! مَیں فیصلے کے دن کامیابی، نیک لوگوں جیسی زندگی، شہدار کا مرتبہ، انبیار کی رفاقت اور دشمنوں پر فتح وکامرانی کا طلب گار ہُوں۔

اَللّٰهُمَّ اُنْزِلُ بِكَ حَاجَتِیْ وَاِنْ قَصُرَ رَأْيِیْ وَضَعُفَ عِلْمِیْ وَعَمَلِیْ اِفْتَقَرْتُ اِلٰى رَحْمَتِكَ فَاَسْاَلُكَ يَا قَاضِیَ الْاُمُوْرِ وَيَا شَافِیَ الصُّدُوْرِ كَمَا تُجِيْرُ بَيْنَ الْبُحُوْرِ اَنْ تُجِيْرَنِیْ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُوْرِ۔

اے اللہ! مَیں اپنی حاجت وضرورت تیرے سامنے پیش کرتا ہوں اگرچہ میری رائے ناقص اور میرا علم وعمل کمزور ہے تاہم مَیں تیری رحمت کا محتاج ہُوں، اے تمام امور کے فیصلہ کرنیوالے، دلوں کو شفا عطا فرمانے والے! مَیں سوال کرتا ہُوں تجھ سے، کہ جس طرح تُو دو سمندروں کو دُور رکھتا ہے اسی طرح مجھے جہنم کے

Marfat.com

عذاب اور قبر کے فتنوں سے دُور رکھ اور ایسی دُعا سے دُور رکھ
جس سے محرومی ہو۔

اَللّٰھُمَّ مَا قَصَّرَ عَنْہُ رَأْیِی وَضَعُفَ
عَنْہُ عَمَلِی وَعِلْمِی وَلَمْ تَبْلُغْہُ مَسْأَلَتِیْ
مِنْ خَیْرٍ وَعَدْتَہُ اَحَدًا مِنْ خَلْقِکَ ، اَوْ
خَیْرٍ اَنْتَ مُعْطِیْہِ اَحَدًا مِنْ عِبَادِکَ ، فَاِنِّیْ
اَرْغَبُ اِلَیْکَ فِیْہِ وَاَسْاَلُکَ اِیَّاہُ بِرَحْمَتِکَ
یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ ۔

اے اللہ! اے تمام جہانوں کے پروردگار! میری رائے ناقص
میرا علم و عمل کمزور، تُو نے اپنی مخلوق میں سے جس سے بھی کسی
خیر خواہی کا وعدہ فرمایا ہے یا اپنے خاص بندوں میں سے جس کو
کوئی بھلائی دینا چاہتا ہے مَیں بھی تیری رحمت کے وسیلے سے اس
خیر خواہی کا مُشتاق اور طلب گار ہوں، اگرچہ میرا سوال وہاں تک
نہ پہنچا ہو۔

اَللّٰھُمَّ ذَا الْحَبْلِ الشَّدِیْدِ وَالْاَمْرِ الرَّشِیْدِ
اَسْاَلُکَ الْاَمْنَ یَوْمَ الْوَعِیْدِ وَالْجَنَّۃَ یَوْمَ
الْخُلُوْدِ مَعَ الْمُقَرَّبِیْنَ الشُّھُوْدِ ، الرُّکَّعِ
السُّجُوْدِ ، الْمُوْفِیْنَ بِالْعُھُوْدِ ، اِنَّکَ رَحِیْمٌ
وَدُوْدٌ ، تَفْعَلُ مَا تُرِیْدُ ۔

اے اللہ! سخت گرفت والے، صحیح حکم والے، قیامت
کے دن امن کا سوالی اور یوم الخلود کو جنّت کا بھکاری ہوں

Marfat.com

تیرے خاص مقربین، رکوع اور سجدہ کرنے والوں اپنے وعدہ کو پورا کرنے والوں کے ساتھ، بے شک تو نہایت مہربان اور بہت محبت کرنے والا ہے تو جو چاہتا ہے سو کرتا ہے۔

سُبْحَانَ مَنْ تَعَطَّفَ بِالْعِزِّ وَقَالَ بِهٖ، سُبْحَانَ مَنْ لَبِسَ الْمَجْدَ وَ تَكَرَّمَ بِهٖ، سُبْحَانَ مَنْ لَا يَنْبَغِي التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ، سُبْحَانَ ذِي الْفَضْلِ وَ النِّعَمِ سُبْحَانَ ذِي الْمَجْدِ وَالْكَرَمِ، سُبْحَانَ الَّذِيْ اَحْصٰى كُلَّ شَیْءٍ عِلْمُهٗ۔

پاک ہے وہ ذات جو مہربان ہے عزت سے اور اس کا قول بھی ہے۔

پاک ہے وہ ذات جس نے مجد و شرف کو اپنے اوپر لازم کیا ہے اور کرم کرتا بھی ہے۔ پاک ہے وہ ذات جس کے بغیر کوئی بھی تسبیح کے لائق نہیں۔ پاک ہے وہ ذات جو صاحب فضل اور صاحب انعام ہے، پاک ہے وہ ذات جو صاحب مجد و کرم ہے، پاک ہے وہ ذات جس کے علم نے ہر چیز کا احاطہ کیا ہوا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ الدَّائِمَةَ، فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

Marfat.com

اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں صحت و تندرستی کا اور دین میں
دُنیا اور آخرت میں ہمیشہ معافی کا طلب گار ہوں۔
اے اللہ! تو مُعاف کرنے والا ہے، معافی کو پسند کرتا ہے
لہذا مجھے معاف فرما دے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ صِحَّةً فِیْ اِیْمَانٍ، وَاِیْمَانًا فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ وَ نَجَاحًا یَتْبَعُهٗ نَجَاحٌ وَ رَحْمَةً مِنْكَ وَعَافِیَةً مِنْكَ، وَ مَغْفِرَةً مِنْكَ وَ رِضْوَانًا۔

اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں ایمان میں صحت کا، حُسنِ خلق
میں ایمان کا اور کامیابی در کامیابی کا، رحمت و تندرستی کا، نیز تیری
بخشش اور رضا مندی کا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الصِّحَّةَ وَ الْعِفَّةَ وَ حُسْنَ الْخُلُقِ، وَالرِّضَا بِالْقَدَرِ۔
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هَادِیْنَ مَهْدِیِّیْنَ غَیْرَ ضَالِّیْنَ وَلَا مُضِلِّیْنَ سِلْمًا لِاَوْلِیَائِكَ، حَرْبًا لِاَعْدَائِكَ نُحِبُّ بِحُبِّكَ مَنْ اَحَبَّكَ وَ نُعَادِیْ بِعَدَاوَتِكَ مَنْ عَادَاكَ۔

اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں صحت و عفت اور حُسنِ خلق کا
اور تقدیر پر رضامندی کا۔
اے اللہ! بنا ہم کو ہدایت کرنے والے اور ہدایت یافتہ، نہ
خود گمراہ اور نہ گمراہ کرنے والے، تیرے دوستوں کے مددگار، اور

Marfat.com

تیرے دشمنوں سے جنگ کرنے والے جن سے تُو محبت کرے ہم
تیری محبت کی وجہ سے ان سے محبت کریں اور جو تجھ سے دشمنی رکھے
ہم تیری دشمنی کی وجہ سے ان سے دشمنی رکھیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ قُلْتَ وَ قَوْلُکَ الْحَقُّ
اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ۔
اَللّٰھُمَّ ھٰذَا الدُّعَاءُ وَعَلَیْکَ الْاِجَابَۃُ
وَھٰذَا الْجَھْدُ وَعَلَیْکَ التُّکْلَانُ ، وَلَا
حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِکَ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ۔
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ،
وَ مِنْ شَرِّ کُلِّ دَابَّۃٍ اَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا
اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔

اے اللہ! تُو نے کہا اور تیرا کہنا حق ہے کہ مجھے پکارو، میں تمہاری دُعا کو قبول کروں گا۔ اے اللہ! ہماری یہ دُعا ہے اور تجھ پر ہے اس کا قبول کرنا، یہ ہماری محنت ہے تجھ ہی پر بھروسہ ہے تیری توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔

اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر۔

اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اپنے نفس اور ہر چوپائے کی شرارتوں سے جن کی پیشانی تُو پکڑے ہوئے ہے، بے شک میرا پروردگار صراطِ مستقیم کا مالک ہے۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْھَمِّ وَ کَاشِفَ الْغَمِّ. مُجِیْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمَانَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَ رَحِیْمَھُمَا اِرْحَمْنِیْ رَحْمَةً تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاکَ۔

اے اللہ! دُور کرنے والے تفکرات کے، کھولنے والے غموں کے، مجبور لوگوں کی دُعا قبول کرنے والے، دُنیا اور آخرت کے رحمان و رحیم، مجھ پر ایسی رحمت نازل فرما جو تیرے سوا سب سے بے نیاز کر دے۔

اَصْبَحْنَا بِاللّٰهِ الَّذِیْ لَیْسَ شَیْءٌ مِنْهُ مُمْتَنِعٌ وَ بِعِزَّةِ اللّٰهِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ وَ لَا تُضَامُ وَ بِسُلْطَانِ اللّٰهِ الْمَنِیْعِ نَحْتَجِبُ وَبِاَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰی کُلِّھَا عَائِذًا بِاللّٰهِ مِنَ الْاَبَالِسَةِ وَ مِنْ شَرِّ شَیَاطِیْنِ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَ مِنْ شَرِّ کُلِّ مُعْلِنٍ اَوْ مُسِرٍّ وَمِنْ شَرِّ مَا یَکْمُنُ بِاللَّیْلِ وَ یَخْرُجُ بِالنَّھَارِ اَوْ یَکْمُنُ بِالنَّھَارِ وَیَخْرُجُ بِاللَّیْلِ وَ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَ ذَرَأَ وَ بَرَأَ، وَمِنْ شَرِّ اِبْلِیْسَ وَ جُنُوْدِهٖ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَابَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا۔

Marfat.com

ہم نے صبح کی اللہ کے نام سے جس سے کوئی چیز ممتنع الوقوع نہیں
ہے اور اللہ کی اس عزت کے ساتھ جو اس سے الگ نہیں ہوتی
اور نہ وہاں ظلم ہوتا ہے اور اللہ کی سلطنت کے ساتھ جو روکنے والی
ہے ہم چھپتے ہیں اور اللہ کے تمام اسمائے حُسنیٰ کے ساتھ پناہ مانگتے
ہوئے اللہ سے بے خیر لوگوں سے ، جنّوں اور انسانوں میں سے
شیاطین کے شر سے اور ہر اُس شخص کے شر سے جو بظاہر یا چھپ کر
شرارت کرے اور ہر اُس چیز کے شر سے جو رات کو چھپتی ہے ، اور
دن کو نکلتی ہے یا دن کو چھپتی ہے اور رات کو نکلتی ہے اور ہر
اُس چیز کے شر سے جو پیدا ہوئی اور عدم سے وجود میں آئی ہے
اور ابلیس کے لاؤ لشکر کے شر سے ، اور ہر چوپائے کے شر
سے جس کی پیشانی تو پکڑے ہوئے ہے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِمَّا اسْتَعَاذَ بِهٖ مُوْسٰى وَعِیْسٰى وَاِبْرَاهِیْمُ الَّذِیْ وَفّٰى وَمِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَ ذَرَأَ وَ بَرَأَ وَمِنْ شَرِّ اِبْلِیْسَ وَ جُنُوْدِهٖ وَ مِنْ شَرِّ مَا یُتَّقٰى ۔

مَیں اللہ سے پناہ مانگتا ہوں اُس چیز سے جس سے پناہ مانگی
حضرت مُوسیٰؑ اور عیسیٰؑ نے اور پناہ مانگی حضرت ابراہیمؑ نے جس نے
بندگی کا حق ادا کر دیا اور اُس چیز کے شر سے جو پیدا ہوئی اور عدم
سے وجود میں آئی اور شیطان اور اُس کے لشکر سے اور اُس چیز سے
جس سے ڈرا جاتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ خَیْرَ مَا عِنْدَكَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَحْمَتِكَ

Marfat.com

وَانۡزِلۡ عَلَیَّ مِنۡ بَرَکَاتِكَ۔

اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں اس خیر و برکت کا جو تیرے پاس ہے اور مجھ پر اپنا فضل و کرم اور اپنی رحمت و برکات کی بارش برسا

اَللّٰهُمَّ لَكَ الۡحَمۡدُ كُلُّهٗ وَلَكَ الۡمُلۡكُ كُلُّهٗ وَبِيَدِكَ الۡخَيۡرُ كُلُّهٗ وَاِلَيۡكَ يُرۡجَعُ الۡاَمۡرُ كُلُّهٗ عَلَانِيَتُهٗ وَسِرُّهٗ ، فَاَهۡلًا اَنۡتَ اَنۡ تُحۡمَدَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيۡءٍ قَدِيۡرٌ۔

اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡلِيۡ جَمِيۡعَ مَا مَضٰى مِنۡ ذُنُوۡبِيۡ وَاعۡصِمۡنِيۡ فِيۡمَا بَقِيَ مِنۡ عُمۡرِيۡ، وَارۡزُقۡنِيۡ عَمَلًا زَاكِيًا تَرۡضٰى بِهٖ عَنِّيۡ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ ضَعِيۡفٌ فَقَوِّنِيۡ فِيۡ رِضَاكَ، وَخُذۡ اِلَى الۡخَيۡرِ بِنَاصِيَتِيۡ وَاجۡعَلِ الۡاِسۡلَامَ مُنۡتَهٰى رِجَائِيۡ.

اے اللہ! تمام قسم کی تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں اور زمین و آسمان کی بادشاہت تیرے ہی لیے ہے اور تمام قسم کی بھلائیاں تیرے ہی ہاتھ میں ہیں اور تمام امور خواہ پوشیدہ ہوں یا ظاہر تیری ہی طرف لوٹنے والے ہیں۔ پس تو اس لائق ہے کہ تیری تعریف کی جائے کیونکہ تو ہر چیز پر قادر مطلق ہے۔

اے اللہ! میرے تمام سابقہ گناہ بخش دے اور باقی عمر میں مجھے گناہوں سے محفوظ رکھ اور اُن پاکیزہ اعمال کی توفیق عطا فرما جن سے تو راضی ہو جائے۔

Marfat.com

اے اللہ! مَیں کمزور ہوں مجھے اپنی رضا کے لیے مضبوط فرما اور میری پیشانی بھلائی کے لیے پکڑ لے اور اسلام کو میری امیدوں اور تمناؤں کا مرکز بنا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّنِیْ وَاِنِّیْ ذَلِیْلٌ فَاَعِزَّنِیْ وَاِنِّیْ فَقِیْرٌ فَاَغْنِنِیْ۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کُلُّہٗ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَ وَلَا بَاسِطَ لِمَا قَبَضْتَ وَلَا ھَادِیَ لِمَنْ اَضْلَلْتَ وَلَا مُضِلَّ لِمَنْ ھَدَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ، وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَ وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ۔

اے اللہ! مَیں کمزور ہوں مجھے مضبوط فرما، مَیں ذلیل و رُسوا ہوں مجھے عزت عطا فرما، مَیں فقیر ہوں مجھے غنی اور تونگر بنا۔

اے اللہ! تمام قسم کی تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں، جس کا رزق تو وسیع کر دے اسے سمیٹنے والا کوئی نہیں اور جس کا رزق تو تنگ کر دے اُسے وسیع کرنے والا کوئی نہیں، جسے تُو گمراہ کر دے اُسے ہدایت دینے والا کوئی نہیں اور جسے تو ہدایت عطا فرما دے اُسے گمراہ کرنے والا کوئی نہیں، جس سے تُو اپنا ہاتھ روک لے اُسے دینے والا کوئی نہیں اور جسے تُو عنایت فرما دے اُس سے روکنے والا کوئی نہیں جسے تُو اپنے دَر سے دُور کر دے اُسے قریب کرنے والا کوئی نہیں اور جسے تُو اپنا مقرب بنا لے اُسے دُور کرنے والا کوئی نہیں۔

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَ رِزْقِكَ ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ النَّعِيْمَ يَوْمَ الْعَيْلَةِ، وَالْاَمْنَ يَوْمَ الْخَوْفِ ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَائِذٌ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اَعْطَيْتَنَا وَ مِنْ شَرِّ مَا مَنَعْتَنَا ۔

اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَيْنَا الْاِيْمَانَ وَ زَيِّنْهُ فِیْ قُلُوْبِنَا وَكَرِّهْ اِلَيْنَا الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِيْنَ ۔

اے اللہ! اپنی رحمتوں، برکتوں اور رزق کے دروازے ہم پر کھول دے ۔

اے اللہ! مَیں سوال کرتا ہُوں نعمتوں کا تنگی کے دن اور امن کا خوف کے دن ۔

اے اللہ! مَیں پناہ مانگتا ہوں اُس چیز کے شر سے جو تُو نے ہمیں عنایت فرمائی ہے اور اُس چیز کے شر سے جو تُو نے ہمیں نہیں دی ۔

اے اللہ! ہمارے دلوں میں ایمان محبوب بنا اور اسے ہمارے سینوں میں خوبصورت اور مزیّن فرما اور ہمارے دلوں میں کُفر فسق وفجور اور نافرمانی کو ناپسندیدہ بنا اور ہمیں ہدایت یافتہ لوگوں میں داخل فرما۔

اَللّٰهُمَّ اَحْيِنَا مُسْلِمِيْنَ وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا مَفْتُوْنِيْنَ ۔

Marfat.com

اے اللہ! زندہ رکھ ہمیں مسلمان اور ہمیں ذلیل و رُسوا اور کسی آزمائش میں مُبتلا کر کے نہ مارنا۔

اَللّٰهُمَّ قَاتِلِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ وَاجْعَلْ عَلَيْهِمْ رِجْزَكَ وَعَذَابَكَ۔

اَللّٰهُمَّ قَاتِلِ الْكَفَرَةَ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ اِلٰهَ الْحَقِّ۔

اے اللہ! ہلاک کر ان کافروں کو جو تیرے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں اور لوگوں کو تیرے راستے سے روکتے ہیں اور اپنی گرفت اور عذاب اُن پر مسلط کر۔

اے اللہ! اے حقیقی مشکل کُشا! ہلاک کر اُن کافروں کو جو اہلِ کتاب میں سے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الطَّعْنِ وَالطَّاعُوْنِ وَالْوَبَاءِ وَعَظِيْمِ الْبَلَاءِ ، فِي النَّفْسِ وَالْاَهْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ مِمَّا نَخَافُ وَنَحْذَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ عَدَدَ ذُنُوْبِنَا حَتّٰى تُغْفَرَ۔

اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے عیب لگانے سے طاعون اور دوسری بیماریوں سے اور بڑی بڑی آزمائشوں سے جو لاحق ہونے والی ہیں میری جان، میرے اہل وعیال اور میرے مال میں۔

Marfat.com

اللہ بہت بڑا ہے ، اللہ بہت بڑا ہے ، اللہ بہت بڑا ہے ان چیزوں سے جن سے ہم خوف کھاتے اور ڈرتے ہیں ، اللہ بہت بڑا ہے ، اللہ بہت بڑا ہے ، اللہ بہت بڑا ہے ، ہمارے گناہوں کی مقدار کے برابر حتیٰ کہ وہ معاف ہو جائیں ۔

اَللّٰهُمَّ كَمَا بَعَثْتَ فِيْنَا نَبِيَّكَ مُحَمَّدًا ﷺ فَاعْمُرْ لَنَا مَنَازِلَنَا وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِسُوْءِ فِعْلِنَا وَلَا تُهْلِكْنَا بِخَطَايَانَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ حَصَّنْتُ نَفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ وَوَلَدِيْ بِاللّٰهِ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ اَبَدًا ، وَرَفَعَ اللّٰهُ عَنَّا السُّوْءَ وَالْاَذٰى بِاَلْفِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔

اے اللہ ! جس طرح تُو نے اپنے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہماری طرف مبعوث فرمایا ہے پس ہمارے گھروں کو بھی آباد فرما اور ہمارے غلط کاموں کی وجہ سے ہم سے مواخذہ نہ کر ، اے ارحم الراحمین ! ہماری غلطیوں کی وجہ سے ہمیں ہلاک نہ کر اور سلامتی ہو رب رحیم کی طرف سے ۔ مضبوط کیا میں نے اپنی جان ، اپنے اہل خانہ ، اپنے مال اور اپنی اولاد کو زندہ اور قائم رہنے والے اللہ کے ساتھ ، جسے کبھی موت نہ آئے گی اور اللہ نے دُور فرما دیا ہم سے بُرائی اور تکلیف کو ۲۰ لاکھ کی تعداد میں ، اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت ۔

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الطَّعْنِ وَالطَّاعُوْنِ وَمِنْ هُجُوْمِ الْبَلَاءِ ، وَمِنْ مَوْتِ الْفَجأَةِ وَمِنْ سَعْرَةِ الْحُمّٰى وَمِنْ سُوْرِ الْقَضَاءِ وَمِنْ شَرِّ الْبَلَاءِ ، وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ دَرْكِ الشَّقَاءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ ، يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ، رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ يَا اللّٰهُ يَاحَافِظُ يَا اللّٰهُ يَا رَافِعُ ۔

اے اللہ! مَیں پناہ مانگتا ہُوں تجھ سے عیب لگانے اور طاعون سے، مصائب و مشکلات کی یلغار اور اچانک موت سے، بخار اور قضا کی تیزی سے اور آزمائشوں کے شر سے اور پناہ مانگتے ہیں ہم تجھ سے بدبختی کے آنے اور دشمنوں کی ہنسی سے، اے زندہ اور قائم رہنے والے، اے بزرگی اور عزت والے، اے اللہ! دُور کر ہم سے عذاب کو ہم ایمان لائے۔ اے اللہ! ہم سے عذابِ جہنّم کو دُور رکھ، کیونکہ اس کا عذاب بڑی تکلیف کی چیز ہے۔ اے اللہ! ہم نے اپنے اوپر بڑے ظلم ڈھائے ہیں اگر تُو نے ہمیں معاف اور ہم پر رحم نہ فرمایا تو ہم خسارہ

Marfat.com

پانے والوں میں سے ہو جائیں گے، اے حفاظت کرنے والے، اے
اللہ! اے بلند کرنے والے۔

اَللّٰهُمَّ عَجِّلْ لِاَوْلِيَائِكَ الْفَرَجَ وَالْعَافِيَةَ
وَزِدْلِیْ فِیْ حَيَاتِیْ فَاِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِیْ
يَهَبُ عَيْشَ الْاَبَدِ لِاَهْلِ الْاٰخِرَةِ فَهَبْ
لِیْ عُمُرًا طَوِيْلًا مَدِيْدًا وَ عَيْشًا مَزِيْدًا
فِیْ عَافِيَتِكَ وَ رِضَاكَ فَاِنَّكَ وَلِیُّ ذٰلِكَ ،
وَالْقَادِرُ عَلَيْهِ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۔

اے اللہ! اپنے دوستوں کی بھلائی اور ان کی کشادگی میں جلد کر
اور میری زندگی میں زیادتی فرما، کیونکہ تُو ایسا اللہ ہے جو آخرت والوں کو
ہمیشہ کی زندگی عطا فرماتا ہے، مجھے بہت لمبی عُمر عطا فرما اور اپنی رضا اور
عافیت کی مزید زندگی عنایت فرما، کیونکہ تو اس کا مالک اور دُنیا اور
آخرت میں اس پر قادر ہے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ
غَضَبِهٖ وَ اَلِيْمِ عِقَابِهٖ وَ شَرِّ عِبَادِهٖ ،
وَ مِنْ شَرِّ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَ اَنْ
يَحْضُرُوْنَ ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ
وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ
آخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ ۔

Marfat.com

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے مکمل تاثیر والے کلمات کے ساتھ اس کے
غضب اور اس کے سخت عذاب سے اور اس کے بندوں کے شر اور
شیاطین کے وسوسوں سے اور یہ کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔
اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں تیرے عزت والے چہرے اور
تیرے مکمل تاثیر والے کلمات کے ساتھ اس چیز کے شر سے جس کی
پیشانی تُو پکڑے ہوئے ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ تَكْشِفُ الْمَأْثَمَ وَالْمَغْرَمَ
اَللّٰهُمَّ لَا يُهْزَمُ جُنْدُكَ وَلَا يُخْلَفُ
وَعْدُكَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ تَحَصَّنْتُ
بِاللّٰهِ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هُوَ اِلٰهِىْ
وَاِلٰهُ كُلِّ شَىْءٍ وَاعْتَصَمْتُ بِرَبِّىْ
وَرَبِّ كُلِّ شَىْءٍ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى
الْحَىِّ الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ وَاسْتَدْفَعْتُ الشَّرَّ
كُلَّهٗ بِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ
الْعَظِيْمِ حَسْبِىَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ
حَسْبِىَ الرَّبُّ مِنَ الْعِبَادِ حَسْبِىَ الْخَالِقُ
مِنَ الْمَخْلُوْقِيْنَ حَسْبِىَ الرَّازِقُ مِنَ
الْمَرْزُوْقِيْنَ حَسْبِىَ اللّٰهُ وَكَفٰى، سَمِعَ
اللّٰهُ لِمَنْ دَعَا، لَيْسَ وَرَاءَ اللّٰهِ مُنْتَهٰى، لَا
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ، وَهُوَ رَبُّ
الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

Marfat.com

اے اللہ! گناہوں اور تاوان کو تُو ہی دُور کرنے والا ہے۔

اے اللہ! تیرا لشکر شکست نہیں کھا سکتا اور تیرے وعدے کی خلاف ورزی بھی نہیں ہو سکتی، تو پاک ہے اپنی حمدوں کے ساتھ میں اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے پکڑتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ میرا اور ہر چیز کا مشکل کُشا ہے، میں اپنے اور ہر چیز کے رب کی مہربانی سے گناہ سے باز رہتا ہوں اور میں نے بھروسہ کیا اس زندہ جاوید ہستی پر جسے کبھی موت نہ آئے گی اور میں تمام قسم کے شر سے محفوظ رہنے کی دُعا کرتا ہوں اللہ بزرگ و برتر کے ساتھ جس کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔

مجھے اللہ کافی ہے اور وہی بہترین کارساز ہے، کافی ہے مجھے میرا پروردگار تمام بندوں سے، کافی ہے مجھے میرا خالق تمام مخلوق سے کافی ہے مجھے میرا رازق تمام رزق مہیا کیے گئے لوگوں سے، کافی ہے مجھے میرا اللہ، سُن لیا اللہ نے اُس شخص کی دُعا کو جس نے اُس کو پکارا اللہ کے سوا کوئی پناہ گاہ نہیں، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور وُہی عرشِ عظیم کا مالک و پروردگار ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَشْکُوْا اِلَیْكَ ضَعْفَ قُوَّتِیْ وَقِلَّةَ حِیْلَتِیْ وَهَوَانِیْ عَلَی النَّاسِ بِرَحْمَتِكَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ، اَنْتَ رَبُّ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ وَاَنْتَ رَبِّیْ اِلٰی مَنْ تَکِلُنِیْ؟ اِلٰی بَعِیْدٍ یَتَجَهَّمُنِیْ اَوْ اِلٰی عَدُوٍّ مَلَّکْتَهٗ اَمْرِیْ ؟ اِنْ لَمْ یَکُنْ بِكَ غَضَبٌ عَلَیَّ فَلَا اُبَالِیْ، وَلٰکِنَّ عَافِیَتَكَ اَوْسَعُ لِیْ مِنْ ذُنُوْبِیْ.

Marfat.com

اَسْأَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ اَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمَاتُ وَصَلَحَ عَلَیْهِ اَمْرُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ مِنْ اَنْ یَحُلَّ بِیْ سَخَطُكَ اَوْ یَنْزِلَ عَلَیَّ عَذَابُكَ لَكَ الْعُتْبٰی حَتّٰی تَرْضٰی۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ۔

اے اللہ! میں اپنی کمزوری اور ناتوانی اور قلتِ اسباب اور لوگوں پر اپنی کمزوری تیرے حضور ظاہر کرتا ہوں، تیری رحمت کے ساتھ اے رب العالمین! تو میرا اور تمام کمزوروں کا پروردگار ہے تو مجھے کس کے سپرد کرے گا؟ ایسے دُور دراز شخص کے سپرد کرے گا جو میرے ساتھ تُرش رُوئی سے پیش آئے؟ یا ایسے دشمن کے سپرد کرے گا جسے تُو نے میرے امُور کا مالک بنا دیا ہے؟ اگر مجھ پر تیرا غضب نہیں ہے تو پھر مجھے کوئی پروا نہیں ہے۔ لیکن تیری طرف سے خیر و عافیت میرے گناہوں کے مقابلے میں بہت وسیع ہے۔

اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے چہرے کے نور کے ساتھ جس سے تمام اندھیرے روشن اور دُنیا اور آخرت کے تمام امور درست ہو گئے ہیں، یہ کہ نازل ہو مجھ پر تیری ناراضی یا تیرا عذاب، تیرے ہی لیے ہے رضا یہاں تک کہ تُو راضی ہو جائے اور تیرے سوا نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔

اَللّٰهُمَّ عَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَانْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَزِدْنِیْ عِلْمًا۔

اے اللہ! مجھے وہ علم عطا فرما جو فائدہ دے اور تُو نے جتنا علم عطا فرمایا ہے اُسے میرے لیے فائدہ مند بنا اور زیادہ کر علم کو۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ یَا مُعَلِّمَ اِبْرَاھِیْمَ عَلِّمْنِیْ
وَیَا مُفَہِّمَ سُلَیْمَانَ فَہِّمْنِیْ۔
اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیْ وَلِلْمُسْلِمِیْنَ مِنْ کُلِّ
ھَمٍّ فَرَجًا وَمِنْ کُلِّ ضِیْقٍ مَخْرَجًا وَمِنْ
کُلِّ بَلَاءٍ عَافِیَۃً۔
اَللّٰھُمَّ مَنْ اَرَادَ الْمُسْلِمِیْنَ بِسُوْءٍ فَاشْغِلْہُ
فِیْ نَفْسِہٖ۔
اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَدْرَأُ بِکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُ
بِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

اے اللہ! اے حضرت ابراہیمؑ کے مُعلّم! مجھے بھی علم عطا فرما،
اور اے حضرت سلیمانؑ کو فہم و فراست عطا کرنے والے! مجھے بھی
سمجھ بُوجھ کی دولت سے مالا مال فرما۔

اے اللہ! مجھے اور تمام مسلمانوں کو ہر قسم کے غم و فکر سے نجات
دے اور ہر تنگی سے گلو خلاصی اور ہر مصیبت سے صحت و عافیت
عطا فرما۔

اے اللہ! جو شخص مسلمانوں کے ساتھ بُرائی کا ارادہ کرے اُسے
اُسی کی جان میں الجھا دے۔

اے اللہ! ہم تجھے دشمن کے مقابلے میں کرتے ہیں اور پناہ
مانگتے ہیں ہم اُن کی شرارتوں سے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُسْلِمِیْنَ
وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْیَاءِ

Marfat.com

مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ قَرِيْبٌ مُجِيْبُ الدَّعْوَاتِ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ۔

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَ عَمَلِيْ مِنَ الرِّيَاءِ وَلِسَانِيْ مِنَ الْكَذِبِ وَ عَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ اِنَّكَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَ مَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ۔

اے اللہ! مجھے، میرے والدین، مسلمان مرد اور مسلمان عورتوں مومن مرد اور مومن عورتوں، زندہ اور وفات شدہ سب کو معاف فرما، بے شک تُو دعاؤں کو قبول فرمانے والا، انتہائی قریب ہے، اے رب العالمین!

اے اللہ! پاک کر میرے دل کو نفاق سے اور میرے عمل کو ریا سے اور میری زبان کو جھوٹ سے اور میری آنکھ کو خیانت سے۔ بیشک تُو خیانت کرنے والی آنکھوں اور دل کے بھیدوں سے آگاہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ نَفْسًا مُطْمَئِنَّةً بِلِقَائِكَ وَتَقْنَعُ بِعَطَائِكَ وَ تَرْضٰى بِقَضَائِكَ ۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِيْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِيْ فَاَعْطِنِيْ سُؤْلِيْ ۔

اے اللہ! میں تجھ سے ایسے نفس کا طالب ہوں جو تیری ملاقات سے مطمئن ہو اور جو کچھ تُو نے دے رکھا ہے اس پر صابر و شاکر ہو اور تیرے فیصلے پر رضامند ہو۔

Marfat.com

اے اللہ! تُو میرے ظاہر و باطن سے باخبر ہے میری معذرت
قبول فرما اور تُو میری ضروریات سے واقف ہے میرا سوال پورا فرما۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ اِیْمَانًا یُبَاشِرُ قَلْبِیْ. وَیَقِیْنًا صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَنْ یُصِیْبَنِیْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِیْ وَاَنَّ مَا اَصَابَنِیْ اَصَابَنِیْ لَمْ یَكُنْ لِیُخْطِئَنِیْ وَمَا اَخْطَأَنِیْ لَمْ یَكُنْ لِیُصِیْبَنِیْ۔

اے اللہ! مَیں تجھ سے ایسے ایمان اور یقین کا طالب ہُوں جو میرے دل کی گہرائیوں میں پیوست ہو جائے حتیٰ کہ مجھے یقین ہو جائے کہ جو تکلیف تُونے میرے لیے مقدر کی ہے اس کے علاوہ کوئی تکلیف مجھے نہیں پہنچ سکتی اور مَیں جس تکلیف میں مبتلا ہُوا ہوں وہ ٹلنے والی نہ تھی اور جس تکلیف سے مَیں بچ گیا ہوں اس میں گرفتار نہیں ہو سکتا تھا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ اِیْمَانًا اَهْتَدِیْ بِهٖ وَنُوْرًا اَقْتَدِیْ بِهٖ وَرِزْقًا حَلَالًا اَكْتَفِیْ بِهٖ. اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ اُحِبُّكَ بِقَلْبِیْ كُلِّهٖ، وَاُرْضِیْكَ بِجَهْدِیْ كُلِّهٖ۔

اے اللہ! مَیں تجھ سے ایسے ایمان کا طالب ہُوں جس سے مَیں ہدایت حاصل کرتا رہوں اور ایسے نور کا متمنی ہُوں جس کی روشنی میں چلوں اور رزقِ حلال کا متلاشی ہوں جس پر قناعت کروں۔
اے اللہ! مجھے ایسا بنا دے کہ دل کی گہرائیوں سے تجھ سے

Marfat.com

محبت کروں اور اپنی ساری کوششیں تیری رضا حاصل کرنے کے لیے صرف کر دوں۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبِّىْ لَكَ كُلَّهٗ وَسَعْيِىْ كُلَّهٗ فِىْ مَرْضَاتِكَ۔

اَللّٰهُمَّ مَا زَوَيْتَ عَنِّىْ مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّىْ فِيْمَا تُحِبُّ وَاجْعَلْنِىْ لَكَ كَمَا تُحِبُّ

اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِىْ بِالْاِسْلَامِ قَائِمًا وَّقَاعِدًا وَّرَاقِدًا وَّلَا تُشْمِتْ بِىْ عَدُوًّا وَّلَا حَاسِدًا۔

اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبِ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ اَحْيِنِىْ مَا زَالَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِّىْ ، وَتَوَفَّنِىْ اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّىْ ۔

اے اللہ ! میری تمام تر محبت اور ساری کوششیں اپنی رضا کے لیے وقف فرما لے ۔

اے اللہ ! میری جس پسندیدہ چیز کو تُو نے مجھ سے روک رکھا ہے اُسے میرے لیے باعثِ قوّت اور اپنا محبوب و پسندیدہ شخص بنا

اے اللہ ! اسلام کے ذریعے سے میری حفاظت فرما ، مَیں کھڑا ، بیٹھا یا سویا ہُوا ہوں اور میرے دشمن اور حاسد کو میری وجہ سے خوش نہ کر ۔

اے اللہ ! تیرے علم غیب اور تمام مخلوق پر تیری قدرت کے وسیلے سے عرض کرتا ہوں کہ جب تک زندہ رہنا میرے لیے بہتر ہے ، مجھے زندگی عطا فرما اور جب موت بہتر ہو تو مجھے وفات دے ۔

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْاَلُكَ خَشْیَتَكَ فِی الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ وَ حِكْمَةَ الْحَقِّ فِی الْغَضَبِ وَ الرِّضٰی وَ الْقَصْدَ فِی الْفَقْرِ وَ الْغِنٰی وَ اَسْاَلُكَ نَعِیْمًا لَا یَنْفَدُ وَ قُرَّةَ عَیْنٍ لَا تَنْقَطِعُ .

سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ الْمِیْزَانِ وَ مُنْتَهَی الْعِلْمِ وَ مَبْلَغَ الرِّضٰی وَ زِنَةَ الْعَرْشِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِلْءَ الْمِیْزَانِ وَ مُنْتَهَی الْعِلْمِ وَ مَبْلَغَ الرِّضٰی وَ زِنَةَ الْعَرْشِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ مِلْءَ الْمِیْزَانِ وَ مُنْتَهَی الْعِلْمِ وَ مَبْلَغَ الرِّضٰی وَ زِنَةَ الْعَرْشِ .

اے اللہ! غیب اور حاضری کی حالت میں تیرے خوف کا متمنی خوشی اور ناراضی کی حالت میں صحیح حکمت و دانائی کا سوالی فقر اور خوشحالی میں میانہ روی کا آرزومند، نہ ختم ہونے والی نعمتوں اور نہ منقطع ہونیوالی آنکھوں کی ٹھنڈک کا بھکاری ہوں۔

سبحان اللہ! کمال علم، بھرپور میزان، تیری مکمل رضا اور عرش عظیم کے وزن کے برابر۔

لا الٰہ الا اللہ، کمال علم اور بھرپور میزان کے برابر۔

اللہ اکبر، کمال علم، بھرپور میزان، تیری مکمل رضا اور عرش عظیم کے وزن کے برابر۔

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ كَمَا لَطُفْتَ بِعَظَمَتِكَ دُوْنَ اللُّطَفَاءِ وَ عَلَوْتَ بِعَظَمَتِكَ عَلَى الْعُظَمَاءِ وَعَلِمْتَ مَا تَحْتَ اَرْضِكَ كَعِلْمِكَ بِمَا فَوْقَ عَرْشِكَ وَكَانَتْ وَسَاوِسُ الصُّدُوْرِ كَالْعَلَانِيَةِ عِنْدَكَ وَعَلَانِيَةُ الْقَوْلِ كَالسِّرِّ فِيْ عِلْمِكَ وَ انْقَادَ كُلُّ شَيْءٍ لِعَظَمَتِكَ وَخَضَعَ كُلُّ سُلْطَانٍ لِسُلْطَانِكَ وَ صَارَ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ كُلُّهٗ بِيَدَيْكَ اجْعَلْ لِيْ مِنْ كُلِّ هَمٍّ وَ غَمٍّ اَصْبَحْتُ فِيْهِ فَرَجًا وَ مَخْرَجًا۔

اے اللہ! اپنی عظمت کے پیشِ نظر جس طرح تمام مہربانی کرنے والوں سے زیادہ تُو نے مہربانی فرمائی ہے اور اپنی عظمت کے پیشِ نظر تمام بڑوں سے تُو سب سے بلند و بالا ہے، جس طرح تیرا علم عرش سے اوپر وسیع ہے زمین کے نیچے بھی اسی طرح وسیع ہے، سینوں کے بھید بالکل ظاہر ہیں اور ظاہری اقوال تیرے علم میں بھید کی مانند ہیں، تیری عظمت کے سامنے ہر چیز فرمانبردار ہے، تیری سلطنت کے سامنے ہر بادشاہ جُھکا ہُوا ہے، دُنیا اور آخرت کا ہر کام تیرے سامنے ہے، میرے ہر قسم کے غم اور تفکرات جن میں مَیں گرفتار ہوں ان میں کشادگی اور ان سے گلو خلاصی فرما۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّ عَفْوَكَ عَنْ ذُنُوْبِيْ وَ تَجَاوُزَكَ عَنْ خَطِيْئَتِيْ اَطْمَعَنِيْ اَنْ

Marfat.com

اَسْاَلُكَ مَا لَا اَسْتَوْجِبُهٗ ، مِمَّا قَصَّرْتُ
فِيْهِ ، اَدْعُوْكَ آمِنًا وَ اَسْاَلُكَ مُسْتَأْنِسًا
وَاِنَّكَ لَلْمُحْسِنُ اِلَيَّ وَ اِنِّي لَلْمُسِيْءُ اِلٰى
نَفْسِيْ فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ، تَتَوَدَّدُ اِلَيَّ
بِالنِّعَمِ وَ اَتَبَغَّضُ اِلَيْكَ بِالْمَعَاصِيْ وَلٰكِنَّ
الثِّقَةَ بِكَ حَمَلَتْنِيْ عَلَى الْجَرَاءَةِ عَلَيْكَ
فَعُدْ بِفَضْلِكَ وَ اِحْسَانِكَ عَلَيَّ اِنَّكَ
اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ لَا اِلٰهَ غَيْرُكَ ،
وَالْبَدِيْعُ لَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَالدَّائِمُ غَيْرُ
الْغَافِلِ ، وَالَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَ خَالِقُ مَا
يُرٰى وَمَا لَا يُرٰى وَكُلَّ يَوْمٍ اَنْتَ فِيْ
شَاْنٍ وَ سِعْتَ اَللّٰهُمَّ كُلَّ شَيْءٍ رَحْمَةً
وَعِلْمًا يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا
كَرِيْمُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا حَيُّ يَا مُحْيِيْ
يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا
رَبَّنَا اِنَّا عَبِيْدُكَ وَ فِيْ سَبِيْلِكَ اِجْعَلْ
لَنَا السَّبِيْلَ اِلٰى كُلِّ خَيْرٍ۔

اے اللہ! میرے گناہوں کو تیرے معاف کرنے، میری لغزشوں
سے تیرے درگزر فرمانے، نے مجھے یہ حوصلہ بخشا کہ میں تجھ سے وہ سوال
کروں جس کا میں مستحق نہیں اور جن میں میں نے کوتاہی کی ہے میں تجھے

Marfat.com

پکارتا ہوں بے خوف ہو کر، سوال کرتا ہوں تجھ سے مانوس ہو کر بیشک تُو نے ہمیشہ مجھ پر احسان ہی کیے ہیں، البتہ مَیں نے اپنی جان پر ہمیشہ زیادتیاں ہی کی ہیں جن کا تعلق تیرے اور میرے درمیان ہے تُو نے مجھ پر نعمتوں کی بارش کر کے میرے ساتھ دوستی ہی چاہی لیکن میں نے گناہ کر کے تیرے ہاں مبغوض ہونے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، بایں ہمہ میرے تجھ پر بھروسے نے مجھے اس بات پر اکسایا کہ مَیں تیرے سامنے جُرأت کروں.

پس مجھ پر اپنے فضل و احسان کی دوبارہ بارش برسا کیونکہ تُو ہی توبہ قبول کرنے والا اور مہربان ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو ہی ایجاد کرنے والا ہے، تجھ سے پہلے کچھ نہ تھا، تو ہمیشہ رہنے والا اور غافل نہیں تو ایسی ذات ہے جسے موت نہیں اور تُو ہر چیز کو پیدا کرنے والا ہے. خواہ وہ نظر آئے یا نہ آئے، تو ہر دن اور ہر آن اک نئی شان رکھتا ہے اے اللہ! تُو اپنے علم اور رحمت کی وجہ سے ہر چیز پر محیط ہے. اے مہربان! اے رحم کرنے والے! اے بُردبار! اے کرم کرنے والے! اے واحد و یکتا! اے بے نیاز! اے زندہ رہنے اور زندہ رکھنے والے! اے زندہ اور قائم رہنے والے! اے ہمارے پروردگار! تیرے سوا کوئی معبود نہیں، ہم تیرے غلام ہیں اور تیرے ہی راستے پر گامزن ہیں، ہمیں ہر اچھے راستے پر گامزن رہنے کی توفیق عطا فرما۔

اَللّٰھُمَّ حَنِّنْ عَلٰی عِبَادِكَ وَ اِمَائِكَ، وَاغْنِنِیْ عَنْ شِرَارِ عِبَادِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَا فَعَّالًا لِمَا یُرِیْدُ اَسْاَلُكَ بِعِزِّكَ الَّذِیْ لَا یُرَامُ، وَبِمُلْكِكَ الَّذِیْ لَا یُضَامُ وَ بِنُوْرِكَ

Marfat.com

الَّذِیْ مَلَأَ اَرْکَانَ عَرْشِكَ اَنْ تَکْفِیَنِیْ
شَرَّ کَذَا وَکَذَا یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ
یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ ،
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَنْ یَمِیْنِیْ ،
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَنْ شِمَالِیْ ،
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بَیْنَ یَدَیَّ ،
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مِنْ خَلْفِیْ ،
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مِنْ فَوْقِیْ ،
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مِنْ جَمِیْعِ جَوَانِبِیْ ،
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قَابِضٌ عَلٰی بِنَاصِیَتِیْ

اے اللہ ! اپنے بندوں اور بندیوں کو مجھ پر شفیق و مہربان بنا ، اے ارحم الراحمین ! اپنے بندوں کے شر سے مجھے بے پروا کر دینے والے بے پناہ محبت کرنے والے ! اے بزرگ ترین عرش کے مالک ! اے جو چاہے سو کرنے والے ! میں تیری اس عزت کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں جو تجھ سے علیحدہ نہیں ہوتی اور تیری اس سلطنت کا واسطہ دیتا ہوں جہاں ظلم نہیں ہوتا اور تیرے اس نور کے وسیلے سے جس نے تیرے عرش کے اطراف کو بھر دیا ہے ، کفایت کر مجھے تمام قسم کی شرارتوں سے

اے فریاد رس ! میری فریاد رسی فرما ۔
اے فریاد رس ! میری فریاد رسی فرما ۔
اے فریاد رس ! میری فریاد رسی فرما ۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم دائیں طرف سے

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم    بائیں طرف سے

بسم اللہ الرحمن الرحیم    سامنے سے

بسم اللہ الرحمن الرحیم    پیچھے سے

بسم اللہ الرحمن الرحیم    اوپر سے

بسم اللہ الرحمن الرحیم    تمام اطراف سے

بسم اللہ الرحمن الرحیم    جو پکڑنے والا ہے میری پیشانی کو

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَعَظَمَتِهٖ وَبِعِزَّةِ اللّٰهِ
وَقُدْرَتِهٖ وَبِعِزَّةِ اللّٰهِ وَسُلْطَانِهٖ وَبِعِزِّ
جَلَالِ اللّٰهِ وَ بِعِزِّ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ،
وَذَرَأَ وَ بَرَأَ وَ مِنْ شَرِّ مَا تَحْتَ الثَّرٰى ،
وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ رَبِّیْ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا
اِنَّ رَبِّیْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ . وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ، مَلْجَأَ
كُلِّ هَارِبٍ وَمَاْوٰى كُلِّ خَائِفٍ لَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ، أَقِيْ بِهَا
نَفْسِیْ وَ دِيْنِیْ وَاَهْلِیْ وَ مَالِیْ وَجَمِيْعَ نِعَمِ
اِلٰهِیْ وَمَوْلَایَ وَ سَيِّدِیْ عِنْدِیْ .

میں پناہ مانگتا ہوں    اللہ کی عزت وعظمت کے ساتھ

میں پناہ مانگتا ہوں    اللہ کی عزت وقدرت کے ساتھ

میں پناہ مانگتا ہوں    اللہ کی عزت وسلطنت کے ساتھ

میں پناہ مانگتا ہوں    اللہ کی عزت وبرتری کے ساتھ

Marfat.com

مَیں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی عزت کے ساتھ
اُس چیز کے شر سے جو پیدا ہوئی، اُس چیز کے شر سے جو تحت الثریٰ میں ہے، ہر چوپائے کے شر سے جس کی پیشانی میرا پروردگار پکڑے ہوئے ہے، بے شک میرے رب کا راستہ سیدھا ہے۔ اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت، جو پناہ گاہ ہے ہر بھاگنے والے کی، جو پناہ گاہ ہے ہر دہشت زدہ کی۔ اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ مَیں اپنی جان، اپنا دین، اپنا اہل وعیال اور اپنا مال و دولت اللہ کی حفاظت میں دیتا ہوں، میرے مولیٰ، میرے مشکل کشا، اور میرے آقا کی تمام نعمتیں مجھ پر ہیں۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَنْجُوْ بِهَا مِنْ اِبْلِيْسَ وَخَيْلِهٖ وَ رَجْلِهٖ، وَ شَيَاطِيْنِهٖ وَ مَرَدَتِهٖ وَ اَعْوَانِهٖ وَجَمِيْعِ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَ شُرُوْرِهِمْ۔

اللہ بلند و بالا کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت، مَیں نجات حاصل کرتا ہوں اس کلمہ کے ساتھ ابلیس، اُس کے گھوڑ سواروں اور پیادوں سے، اُس کے سرکشوں اور ساتھیوں سے اور تمام جن و انس کی شرارتوں سے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَمْتَنِعُ بِهَا مِنْ ظُلْمِ مَنْ اَرَادَ ظُلْمِىْ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

Marfat.com

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت، تمام مخلوق میں سے جو بھی مجھ پر ظلم کرنا چاہے اُس کے ظلم سے مَیں اس کلمہ کی حفاظت میں آتا ہُوں۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ، اَكُفُّ بِهَا عُدْوَانَ مَنِ اعْتَدٰى عَلَيَّ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ، اُضْعِفُ بِهَا كَيْدَ مَنْ كَادَنِيْ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ ۔
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ، اُزِيْلُ بِهَا مَكْرَ مَنْ مَكَرَبِيْ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِ اللّٰهِ ۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت، تمام مخلوق میں سے جو کوئی مجھ پر سرکشی کرنا چاہے مَیں اس کی کوشش کو اِس کلمہ سے ختم کرتا ہوں۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت، تمام مخلوق میں جو کوئی مجھ پر زیادتی کرنا چاہے مَیں اس کی زیادتی کو اِس کلمہ سے روکتا ہوں۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ تمام مخلوق میں سے جو میرے خلاف کوئی تدبیر کرنا چاہے مَیں اُس کی تدبیر کو اِس کلمہ سے کمزور کرتا ہوں۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ تمام مخلوق میں سے جو میرے خلاف کوئی فریب کرنا چاہے مَیں اُس کے فریب کو اِس کلمہ سے دُور کرتا ہوں۔

Marfat.com

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ،
اُبْطِلُ بِهَا سَعْیَ مَنْ سَعٰی عَلَیَّ مِنْ
جَمِیْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اُذِلُّ بِهَا
مَنْ تَعَزَّزَ عَلَیَّ مِنْ جَمِیْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اُهِیْنُ بِهَا
مَنْ اَهَانَنِیْ مِنْ جَمِیْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اَقْصِمُ بِهَا
ظَالِمِیْ مِنْ جَمِیْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اَقْدِرُ بِهَا
عَلٰی ذِی الْقُدْرَةِ عَلَیَّ مِنْ جَمِیْعِ خَلْقِ اللّٰهِ

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ تمام مخلوق میں سے جو میرے خلاف کوئی کوشش کرنا چاہے مَیں اُس کی کوشش کو اس کلمہ سے باطل کرتا ہوں

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ تمام مخلوق میں سے جو میرے خلاف معزز بننا چاہے مَیں اس کو اس کلمہ سے ذلیل کرتا ہوں۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ تمام مخلوق میں سے جو مجھے حقیر کرنا چاہے مَیں اُسے اِس کلمہ سے حقیر و ذلیل کرتا ہوں۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور

Marfat.com

نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ تمام مخلوق میں سے جو مجھ پر ظلم کرے، مَیں اُسے اِس کلمہ سے ہلاک کرتا ہوں۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ تمام مخلوق میں سے جو مجھ پر قدرت حاصل کرنا چاہتا ہے مَیں اُسے اِس کلمہ سے اس پر قدرت حاصل کرتا ہوں۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اَسْتَدْفِعُ بِهَا شَرَّ مَنْ اَرَادَنِیْ بِشَرٍّ مَنْ جَمِیْعِ خَلْقِ اللّٰهِ۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اِسْتِغَاثَةٌ بِعِزَّةِ اللّٰهِ۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اِسْتِغَاثَةٌ بِقُوَّةِ اللّٰهِ۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اِسْتِجَارَةٌ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ تمام مخلوق میں سے جو میرے ساتھ کسی قسم کی بُرائی کا ارادہ کرے میں اِس کلمہ سے اس کے ارادۂ بد کو دفع کرتا ہوں۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ اللہ کی عزت کے ساتھ یہ استغاثہ ہے۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ اللہ کی قوت کے ساتھ یہ استغاثہ ہے۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ اللہ کی قدرت کے ساتھ یہ پناہ مانگنا ہے۔

Marfat.com

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ، اَسْتَعِيْنُ بِهَا عَلٰى مَحْيَاىَ وَ مَمَاتِىْ ، وَعِنْدَ نُزُوْلِ مَلَكِ الْمَوْتِ بِىْ وَمُعَالَجَةِ سَكَرَاتِهٖ وَ غَمَرَاتِهٖ ۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ : اُحَصِّنُ بِهَا رُوْحِىْ وَاَعْضَائِىْ وَ شَعَرِىْ وَ بَشَرِىْ ۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ، اِذَا اُدْخِلْتُ قَبْرِىْ فَرِيْدًا وَحِيْدًا خَالِيًا بِعَمَلِىْ ۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت ۔ مَیں اس کلمہ کے ساتھ مدد مانگتا ہُوں ، اپنی زندگی اور موت پر اور ملک الموت کی آمد پر ، سکرات الموت اور اس کی بے ہوشیوں کے نزول کے وقت ۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت ۔ مَیں اس کلمہ کے ساتھ اپنی رُوح ، اپنے اعضاء ، اپنے بال اور اپنی چمڑی کو مضبوط کرتا ہُوں ۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت ۔ جب کہ مَیں عملوں سے خالی ہاتھ اکیلا اپنی قبر میں اُتارا جاؤں ۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ : اَسْتَعِيْنُ بِهَا عَلٰى مَحْشَرِىْ اِذَا نُشِرَتْ لِىْ صَحِيْفَتِىْ ، وَرَاَيْتُ ذُنُوْبِىْ وَ خَطَايَاىَ ۔

Marfat.com

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ برائی سے بچنے کی ہمت، مدد مانگتا ہوں میں اس کلمہ کے ساتھ جبکہ حشر میں میرا صحیفہ اڑا دیا جائے اور جب کہ مجھے اپنے گناہ اور خطائیں ہی نظر آئیں۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اِذَا طَالَ فِی الْقِيَامَةِ وُقُوْفِیْ وَاشْتَدَّ عَطَشِیْ۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اَجُوْزُ بِهَا الصِّرَاطَ مَعَ الْاَوْلِيَاءِ وَاُثَبِّتُ بِهَا قَدَمِیْ۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اَسْتَقِرُّ بِهَا فِیْ دَارِ الْقَرَارِ مَعَ الْاَبْرَارِ عَدَدَ مَا قَالَهَا وَمَا يَقُوْلُهَا الْقَائِلُوْنَ مُنْذُ اَوَّلِ الدَّهْرِ اِلٰی آخِرِهٖ عَدَدَ مَا اَحْصَاهُ كِتَابُ اللّٰهِ، وَاَحَاطَ بِهٖ عِلْمُهٗ وَاَضْعَافَ ذٰلِكَ، اَضْعَافًا مُضَاعَفَةً وَكُلَّ ضِعْفٍ يَتَضَاعَفُ اَضْعَافَ ذٰلِكَ اَضْعَافًا مُضَاعَفَةً، اَبَدَ الْاَبَدِ وَمُنْتَهَی الْعَدَدِ بِلَا اَمَدٍ، عَدَدًا لَا يُحْصِيْهِ اِلَّا هُوَ وَلَا يُحِيْطُ بِهٖ اِلَّا عِلْمُهٗ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ برائی سے بچنے کی ہمت۔ جب کہ قیامت کے دن میرا ٹھہرنا لمبا

Marfat.com

اور پیاس کی شدت اختیار کر جائے۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ مَیں اس کلمہ کے حساب و کتاب کے وقت اپنے ترازو کو بھاری کرتا ہوں جب کہ سخت خوف کا وقت ہوگا۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ مَیں اِس کلمہ سے پُل صراط کو عبور اور اپنے قدموں کو ثابت رکھوں گا اولیاء کرام کی ہمراہی میں۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔ مَیں اِس کلمہ کے ذریعہ سے ثابت رہوں گا دارالقرار میں صالح لوگوں کے ساتھ اتنی تعداد میں کہ جتنا پڑھا، اور پڑھتے رہیں گے، اس کو پڑھنے والے ابتدائے آفرینش سے زمانے کی آخری گھڑی تک اتنی تعداد میں جتنا کہ لکھا گیا اللہ کی کتاب میں اور احاطہ کیا اس کا علمِ الٰہی نے اس کا دُگنا، دُگنے سے تگنا اور اتنا دگنا کہ جب تک کہ دگنا ہوتا چلا جائے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے، عدد کے آخری عدد تک، اُس عدد تک جس کا اللہ کے سوا کسی کو علم نہیں ہے اور جسے اللہ کے علم کے علاوہ کوئی احاطہ نہیں کر سکتا۔

اللہ بزرگ و برتر کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے، اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت۔

اَللّٰھُمَّ لَا تَکِلْنَا اِلٰی اَنْفُسِنَا فَنَعْجِزَ، وَلَا اِلَی النَّاسِ فَنَضِیْعَ۔

اَللّٰھُمَّ کَمَا دَلَلْتَنِیْ عَلَیْکَ، فَکُنْ شَفِیْعِیْ اِلَیْکَ۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ لِاٰلَائِکَ

Marfat.com

الصَّابِرِيْنَ عَلٰى بَلَائِكَ ، النَّاصِرِيْنَ لِاَوْلِيَائِكَ ۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنِیْ خَيْرَ مَا عِنْدَكَ بِسُوْءِ مَا عِنْدِیْ ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ عَيْشًا قَارًّا ، وَرِزْقًا دَارًّا وَعَمَلًا بَارًّا ۔

اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِیْ بِالْافْتِقَارِ اِلَيْكَ ، وَلَا تُفْقِرْنِیْ بِالْاِسْتِغْنَاءِ عَنْكَ ۔

اے اللہ! ہمیں ہمارے نفسوں کے سپرد نہ کرنا کہ ہم عاجز ہو جائیں اور غیروں کے سپرد بھی نہ کرنا کہ ذلیل و خوار ہو جائیں ۔

اے اللہ! جس طرح تُو نے اپنی رہنمائی کی ہے اسی طرح میرا سفارشی بھی ہو جا ۔

اے اللہ! مجھے اپنی نعمتوں کا شکر کرنے والا، مصائب و مشکلات پر صبر کرنے والا اور اپنے دوستوں کا مددگار بنا ۔

اے اللہ! میرے گناہوں کی وجہ سے مجھے اپنے انعام واکرام سے محروم نہ فرمانا ۔

اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے سکون بخش زندگی، رزق میں فراخی اور نیک عمل کا ۔

اے اللہ! اپنے در کا منگتا بنا کر مجھے بے پروا کر دے ، اور اپنے در سے بے نیاز کر کے مجھے فقیر نہ بنانا ۔

اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِیْ وَاٰمِنْ رَوْعَتِیْ وَ خَفِّفْ لَوْعَتِیْ ۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ عَلٰی حُسْنِ عِبَادَتِکَ وَ وَفِّقْنِیْ لِاسْتِفْتَاحِ اَبْوَابِ رَحْمَتِكَ وَاسْتِمْطَارِ سَمَاحَتِكَ .

اَللّٰھُمَّ سَلِّمْنَا وَلَا تُسْلِمْنَا وَامْنَحْنَا وَلَا تَمْتَحِنَّا .

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا فِیْ ضَمَانِكَ وَاَمَانِكَ وَاِحْسَانِكَ .

اَللّٰھُمَّ وَفِّرْ حَظِّیْ مِنْ صُنْعِكَ وَلُطْفِكَ الْخَفِیِّ .

اے اللہ! میرے عیب کو ڈھانپ لے اور گھبراہٹ سے امن دے اور میرے غم کو ہلکا فرما۔

اے اللہ! اپنی عمدہ عبادت پر مجھے اجر عطا فرما اور توفیق عطا فرما کہ میں تیری رحمت کا دروازہ کھول سکوں اور تیری بخشش کو معطر کر سکوں۔

اے اللہ! ہمیں محفوظ رکھ اور ہمیں بے یار و مددگار نہ چھوڑ، اور ہمیں عطا فرما اور ہمارا امتحان نہ لے۔

اے اللہ! ہمیں اپنی کفالت، اپنی حفاظت اور اپنے احسان میں رکھ۔

اے اللہ! اپنے مخفی لطف و کرم میں سے میرا حصہ مجھے بکثرت عطا فرما۔

اَللّٰھُمَّ حَسْبِیْ مِنْ سُؤَالِیْ عِلْمُكَ بِحَالِیْ .

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ كُلَّ ذَنْبٍ وَاحْفَظْنِیْ مِنْ

Marfat.com

كُلِّ جَنْبٍ وَفَرِّجْ عَنِّیْ كُلَّ كَرْبٍ ۔
اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلَى الْمَوْتِ وَكُرْبَتِهٖ وَالْقَبْرِ وَغُمَّتِهٖ وَالصِّرَاطِ وَزَلَّتِهٖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ وَرَوْعَتِهٖ ۔

اے اللہ! تیرا میرے حال سے باخبر ہونا میرے لیے کافی ہے بہ نسبت میرے سوال کے۔

اے اللہ! میرے تمام گناہ بخش دے، تمام اطراف سے میری حفاظت فرما اور میری تمام مشکلات کو دُور فرما۔

اے اللہ! موت اور اس کی سختیوں، قبر اور اس کے حزن و ملال، پُل صراط اور اس کی پھسلن اور قیامت کے دن اور اس کی مشکلات سے محفوظ فرما۔

اَللّٰهُمَّ جَمِّلْ اَمْرِیْ مَا اَحْيَيْتَنِیْ وَعَافِنِیْ مَا اَبْقَيْتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِيْمَا خَوَّلْتَنِیْ وَاحْفَظْ عَلَیَّ مَا اَوْلَيْتَنِیْ وَارْحَمْنِیْ اِذَا تَوَفَّيْتَنِیْ وَآنِسْ وَحْشَتِیْ اِذَا اَرْمَسْتَنِیْ وَتَفَضَّلْ عَلَیَّ اِذَا حَاسَبْتَنِیْ وَلَا تَسْلُبْنِی الْاِيْمَانَ وَقَدْ عَرَّفْتَنِیْ ۔

اے اللہ! جب تک تُو مجھے زندہ رکھے میرے امُور میں خوبصورتی پیدا فرما، جب تک تُو مجھے زندہ رکھے تو خیر و عافیت سے رکھنا اور جو کچھ تُو نے مجھے عطا فرمایا ہے اُس میں برکت عطا فرما اور جس کو تُو نے مجھ پر حاکم بنایا ہے اُس سے میری حفاظت فرما،

Marfat.com

اور جب تُو مجھے موت دے تو اُس وقت مجھ پر رحم فرمانا اور جب مجھے قبر میں دفنا دے تو قبر کی تنہائی میں میرا مُونس و غمخوار ہونا اور جب تُو میرا حساب وکتاب لے تو مجھ پر اپنا فضل وکرم کرنا اور ایمان کی دولت سے روشناس کر کے پھر اسے سلب نہ کرنا۔

اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ فِی الْخَیْرَاتِ وَطَأَتِیْ وَنَفِّسْ بَعْدَ الْمَوْتِ کُرْبَتِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ مَصِیْرِیْ وَمُنْقَلِبِیْ وَلَا تَحْقُرْ ذِمَّتِیْ یَا غَایَةَ رَغْبَتِیْ۔

اے اللہ! بھلائی میں میری تیاری کو ثابت رکھ۔ اور موت کے بعد میرے غموں کو دُور فرما، میرے آنے جانے میں برکت عطا فرما، میری کفالت حقیر نہ سمجھ۔ اے میری امیدوں اور تمناؤں کے مرکز۔

اَللّٰھُمَّ لَا تَقْطَعْ رَجَائِیْ وَبَلِّغْنِیْ الْاَمَانِیْ وَاکْفِنِیْ الْاَعَادِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ وَاکْفِنِیْ اَمْرَ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَآخِرَتِیْ وَارْزُقْنِیْ قَلْبًا تَوَّابًا لَا کَافِرًا وَلَا مُرْتَابًا وَاغْفِرْ لِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ، بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

اے اللہ! میری امیدوں کو منقطع نہ کر، میری نیک خواہشات تک مجھے پہنچا۔ میرے دشمنوں سے کفایت کر، میرے تمام حالات ٹھیک کر، میرے دینی امُور خواہ وہ دُنیاوی ہوں یا اُخروی سب کو

Marfat.com

پورا فرما۔
اے اللہ! مجھے ایسا دل عطا فرما جو تیری طرف جھکنے والا ہو نہ کہ کفر اور شک کرنے والا، مجھے بخش دے، مجھے ہدایت دے اے ارحم الراحمین! اپنی خاص رحمت سے مجھے رزق عطا فرما کیونکہ تو بہتر رزق دینے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْتَهْدِيْكَ لِاَرْشَدِ اُمُوْرِی وَاَسْتَجِيْرُكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِی، سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلَى الْوَهَّاب۔

يَا عَالِمَ الْخَفِيَّاتِ رَفِيْعَ الدَّرَجَاتِ ذَا الْعَرْشِ يُلْقِی الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَاءُ مِنْ عِبَادِهٖ غَافِرَ الذَّنْبِ قَابِلَ التَّوْبِ شَدِيْدَ الْعِقَابِ ذَا الطَّوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اَلْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ۔

اے اللہ! میں اپنے نیک امور کی تجھ سے ہدایت طلب کرتا ہوں اور اپنے نفس کی شرارتوں سے پناہ مانگتا ہوں، پاک ہے میرا بلند و بالا پروردگار جو بے شمار عطیات کی بارش کرنیوالا ہے۔
اے پوشیدہ رازوں کے جاننے والے، بلندیوں کے مالک!
اے عرش کے مالک، اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے اپنا

Marfat.com

حکم بذریعہ رُوح القدس القا کرنے والے، گناہ بخشنے والے، توبہ قبول کرنے والے، سخت گرفت کرنے والے، قوت والے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔ اللہ کے سوا کوئی مشکل کشا نہیں، اللہ بہت بڑا ہے، پاک ہے اللہ اپنی حمدوں کے ساتھ، مَیں اللہ سے بخشش کا طالب ہوں، اللہ کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت، جو اوّل ہے، آخر ہے، ظاہر ہے باطن ہے، وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تُبْتُ اِلَيْكَ مِنْهُ ثُمَّ عُدْتُ فِيْهِ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا جَعَلْتُهٗ لَكَ عَلٰى نَفْسِىْ فَلَمْ اَوْفِ لَكَ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا زَعَمْتُ اَنِّىْ اَرَدْتُ بِهٖ وَجْهَكَ فَخَالَطَ قَلْبِىْ مَا قَدْ عَلِمْتَ۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِمَا تَوَسَّلَ بِهٖ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ وَاَوْلِيَاؤُكَ الْمُقَرَّبُوْنَ اَنْ تَجْعَلَ لَنَا مِنَ الْفَهْمِ عَنْكَ وَعَنْ رَسُوْلِكَ مَا نَبْلُغُ بِهٖ مَنَازِلَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ نُحْشَرُ بِهٖ فِىْ زُمْرَةِ الْعُلَمَاءِ الْعَامِلِيْنَ۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِنَ الَّذِيْنَ جَاوَزُوْا دَارَ الظَّالِمِيْنَ وَاسْتَقَوْا مِنْ عَيْنِ الْحِكْمَةِ وَرَكِبُوْا سَفِيْنَةَ الْفِطْنَةِ۔

Marfat.com

اے اللہ! میں بخشش مانگتا ہوں اُن گناہوں کی جن سے میں نے توبہ کی اور پھر اُن میں گرفتار ہو گیا اور بخشش مانگتا ہوں ان ذمہ داریوں کی جن کو میں نے اپنے اوپر واجب کیا اور پھر ان کو پورا نہ کیا۔ اور بخشش مانگتا ہوں اُن امور کی جن کو صرف تیری رضا کے لیے انجام دینے کا ارادہ کیا لیکن تُو جانتا ہے کہ میرے دل نے معاملے کو خلط ملط کر دیا۔

اے اللہ! ہم تیرے ہاں اس چیز کو وسیلہ بناتے ہیں جس کو تیرے صالح بندوں اور تیرے مقرب دوستوں نے وسیلہ بنایا، یہ کہ اپنا اور اپنے رسولوں کا فہم عطا فرما جس سے ہم صدیقین کا مرتبہ حاصل کر لیں اور یہ کہ ہمارا حشر علمائے حق کے ساتھ ہو۔

اے اللہ! ہم کو ان لوگوں میں داخل کر جو ظالموں کے گھروں سے گزر گئے، حکمت و دانش کے چشمہ سے سیراب ہوئے، اور عقل و دانش کی کشتی میں سوار ہوئے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنَ الَّذِيْنَ سَرَحَتْ اَرْوَاحُهُمْ فِيْ دَارِ الْعُلٰى وَحَطَّتْ هِمَمُ قُلُوْبِهِمْ فِيْ غَايَةِ التُّقٰى حَتّٰى اَنَاخُوْا بِرِيَاضِ النَّعِيْمِ وَجَنَوْا مِنْ ثِمَارِ رِيَاضِ التَّسْنِيْمِ وَخَاضُوْا لُجَّةَ السُّرُوْرِ وَشَرِبُوْا بِكَاْسِ الرَّحِيْقِ الْمَخْتُوْمِ وَاسْتَظَلُّوْا تَحْتَ ظِلِّ الْكَرَامَةِ الظَّلِيْلِ۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنَ الَّذِيْنَ فَتَحُوْا بَابَ الصَّبْرِ وَارْدَمُوْا خَنَادِقَ الْجَزَعِ، وَجَاذُوْا

Marfat.com

شَدِيدَ الْعِقَابِ وَعَبَرُوا جِسْرَ الْهَوٰى ۔
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَشَارَتْ اِلَيْهِمْ اَعْلَامُ الْهِدَايَةِ وَوَضَحَتْ لَهُمْ طَرِيْقُ النَّجَاةِ وَسَلَكُوْا سَبِيْلَ الْاَخْلَاصِ وَالْيَقِيْنِ
اَللّٰهُمَّ عَرِّفْنِيْ بِكَ وَبِنَفْسِيْ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ اَعْرَفِ عِبَادِكَ بِكَ وَبِنَفْسِهٖ ۔

اے اللہ! ہمیں ان لوگوں میں داخل فرما جن کی رُوحیں بلند و بالا گھروں کی طرف پرواز کر گئیں، جن کے دلوں کے ارادے انتہائی تقویٰ والے کے مقام پر پہنچے، یہاں تک کہ وہ نعمتوں والے باغات میں جا ٹھہرے تسنیم کے باغات سے پھل جا توڑے، خوشیوں کے تالاب میں جا داخل ہوئے، سربمہر شراب کے پیالے جا پیے اور بزرگی کے سایہ دار درخت کے نیچے جا بیٹھے۔

اے اللہ! ہمیں ان لوگوں میں داخل فرما جنھوں نے صبر کا دروازہ کھولا، جزع فزع اور بے صبری کی خندقوں کو ہمیشہ اپنے گھیرے اور کنٹرول میں رکھا اور دشوار گزار گھاٹیوں سے گزر گئے اور خواہشاتِ نفسانی کے پُل کو عبور کر گئے۔

اے اللہ! ہمیں ان لوگوں میں داخل فرما جن کو ہدایت کی نشان دہی کی گئی اور جن کے لیے ہدایت کا راستہ واضح اور روشن ہو گیا اور جو اخلاص و یقین کے راستہ پر چلے۔

اے اللہ! مجھے میری اور اپنی معرفت عطا فرما اور مجھے اُن لوگوں میں داخل فرما جو تیرے بندوں میں سب سے زیادہ اپنی اور تیری معرفت رکھتے ہیں۔

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اِنَّ نَفْسِیْ اَمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ وَالشَّيْطَانُ
يُوْقِعُنِیْ كُلَّ سَاعَةٍ فِیْ خَطِيْئَةٍ مِنَ الْكَبَائِرِ
فَضْلاً عَنِ الصَّغَائِرِ وَاِنِّیْ اُرِيْدُ نَزْعِیْ مِنْ
نَزْعَةٍ وَلاَ اَسْتَطِيْعُ حَتّٰى تُوَفِّقَنِیْ فَاِنَّ
بِيَدِكَ الْخَيْرَ وَالشَّرَّ لَيْسَ اِلَيْكَ فَاغْفِرْ لِیْ
وَتُبْ عَلَیَّ وَلاَ تُزِغْ قَلْبِیْ بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنِیْ
وَامْنَحْنِیْ عِلْمًا بِالْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَاِنْ لَمْ
تَرْحَمْنِیْ وَتَغْفِرْلِیْ اَكُنْ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ
فَاهْدِنِیْ سَوَاءَ السَّبِيْلِ وَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَةً تَامَّةً
وَاعْفُ عَنِّیْ فَاِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ وَارْزُقْنِیْ
الْعَافِيَةَ فِی الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَا
ذٰلِكَ عَلَيْكَ بِعَزِيْزٍ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ،
يَا لَطِيْفُ يَا لَطِيْفُ الْطُفْ بِیْ بِلُطْفِكَ
الْخَفِیِّ يَا لَطِيْفُ بِالْقُدْرَةِ الَّتِیْ اِسْتَوَيْتَ
بِهَا عَلَى الْعَرْشِ فَلَمْ يَعْلَمْ اَحَدٌ كَيْفِيَّةَ
اِسْتِوَائِكَ عَلَيْهِ اَكْفِنِیْ شَرَّ كُلِّ شَرِيْرٍ
يَا مَنْ كَانَ قَبْلَ اَنْ يَكُوْنَ شَیْءٌ وَهُوَ
الْمُكَوِّنُ لِكُلِّ شَیْءٍ وَمَنْ يَكُوْنُ بَعْدَ مَا
لاَ يَكُوْنُ شَیْءٌ اَسْاَلُكَ بِلَحْظَةٍ مِنْ
لَحَظَاتِكَ الْحَافِظَاتِ الْغَافِرَاتِ الرَّاحِمَاتِ

Marfat.com

الْمُنْجِيَاتِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ يَا ذَا الطَّوْلِ وَالْإِنْعَامِ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ الْحَنَّانَ الْمَنَّانَ بَدِيْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

اے اللہ! میرا نفس مجھے بُرائی پر آمادہ کرتا ہی رہتا ہے اور شیطان ہر آن کبیرہ گناہوں میں پھنساتا ہی رہتا ہے قطع نظر صغیرہ گناہوں کے، اور مَیں شیطان کے ورغلانے سے نکلنا چاہتا ہوں جو تیری توفیق کے بغیر ممکن نہیں کیونکہ بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے اور شر تیری طرف سے نہیں، مجھے بخش، میری توبہ قبول فرما، میرے دل کو ہدایت دینے کے بعد ٹیڑھا نہ کر، کتاب وسُنّت کا علم عطا فرما، اگر تُو نے مجھ پر رحم نہ کیا اور معاف نہ فرمایا تو مَیں خسارہ پانے والوں میں سے ہو جاؤں گا لہٰذا مجھے سیدھے راستہ کی ہدایت فرما، مجھے مکمل بخشش سے نواز، مجھے معاف فرما، کیونکہ تُو بخشنے والا اور بخشش کو پسند فرماتا ہے۔ میرے دین میں دُنیا اور آخرت کی تندرستی عطا فرما اور یہ تیرے لیے کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ اے ارحم الراحمین، اے مہربانی کرنے والے، مجھ پر اپنی خاص مخفی مہربانی فرما، اے اپنی اس قدرت کے ساتھ مہربانی کرنے والے جس سے تُو عرش پر مستوی ہُوا، تیرے استوائے عرش کی کیفیت کوئی نہیں جانتا، مجھے ہر شریر کے شر سے محفوظ فرما، اے وہ جو ہر چیز سے پہلے تھا، وہی ہر چیز کو پیدا کرنے والا ہے، اے وہ جو قائم رہے گا ہر چیز کے فنا ہونے کے بعد، مَیں سوال کرتا ہوں تیرے اُن لمحات کے واسطہ سے جو حفاظت کرنے والے، بخشنے والے، رحم کرنے والے اور نجات دینے والے ہیں۔

Marfat.com

اے بزرگی اور عزت والے، اے بخشش اور انعام و اکرام کرنے والے، تُو تمام جہانوں کا پروردگار ہے، تیرے سوا کوئی مشکل کشا اور حاجت روا نہیں۔ اے ارحم الراحمین، اے مہربان، اے احسان کرنے والے، اے زمین و آسمان کو عدم سے وجود میں لانے والے عرشِ عظیم کے مالک!

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ اِبْنُ عَبْدِكَ ابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِیْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاؤُكَ اَسْاَلُكَ بِكُلِّ اِسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْعَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ اَواسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ، اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ نُوْرَ صَدْرِیْ وَرَبِيْعَ قَلْبِیْ وَجِلَاءَ حُزْنِیْ وَ ذَهَابَ هَمِّیْ۔

اے اللہ! میں تیرا غلام ہوں اور تیرے غلام اور باندی کا بیٹا ہوں، میری پیشانی تیرے قابو میں ہے، میرے حق میں تیرا حکم جاری ہے، تیرا فیصلہ میرے بارے میں انصاف پر مبنی ہے، میں سوال کرتا ہوں تیرے ہر اُس نام کے ذریعے جس کو تُو نے اپنے لیے پسند فرمایا، یا تُو نے اپنی کتاب میں نازل فرمایا یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھلایا، یا اپنے علمِ غیب میں تو نے اس کو اختیار فرمایا، کر دے قرآن کریم کو میرے سینے کا نُور اور دل کی فرحت اور میرے رنج و غم اور پریشانیوں کا دُور ہونا۔

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ اَخْشَاكَ حَتّٰی كَاَنِّیْ اَرَاكَ وَاَسْعِدْنِیْ بِتَقْوَاكَ وَلَا تَجْعَلْنِیْ بِمَعْصِیَتِكَ مَطْرُوْدًا وَرَضِّنِیْ بِقَضَائِكَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ قَدَرِكَ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ وَاَرِنِیْ فِیْهِ ثَأْرِیْ وَاَقِرَّ بِذٰلِكَ عَیْنِیْ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَوْدِعُكَ الْیَوْمَ نَفْسِیْ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ وَوَلَدِیْ وَمَنْ كَانَ مِنِّیْ فِیْ سَبِیْلِ الشَّاهِدِ مِنْهُمْ وَالْغَائِبِ۔

اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا بِحِفْظِ الْاِیْمَانِ وَاحْفَظْهُ عَلَیْنَا۔

اے اللہ! مجھے ایسا بنا کہ ڈرتا رہوں تجھ سے یہاں تک کہ دیکھوں تجھ کو اور بنا مجھ کو سعید اپنے تقویٰ کے ذریعہ اور اپنی نافرمانی کی وجہ سے مجھے اپنے دَر سے دُھتکارا ہُوا نہ بنا اور مجھے اپنے فیصلے پر رضامند کر اور اپنی طاقت سے برکت عطا فرما اور جو مجھ پر ظلم کرے اس کے خلاف میری مدد فرما اور مجھے میرا بدلہ دِکھا۔ تاکہ اپنی آنکھیں ٹھنڈی کروں۔

اے اللہ! مَیں اپنی جان، اپنے اہل خانہ، اپنے مال، اپنی اولاد اور جو بھی موجود یا غائب ہے اُسے آج تیرے پاس بطور امانت رکھتا ہُوں۔

اے اللہ! ایمان کے ذریعے ہماری حفاظت فرما اور اس کو ہم پر محفوظ رکھ۔

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا فِیْ رَحْمَتِکَ وَلَا تَسْلُبْنَا فَضْلَکَ اِنَّا اِلَیْکَ رَاغِبُوْنَ ۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِکَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَکَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ فِی الْاَهْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ یَا مَنْ هُوَ اَقْرَبُ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ یَا فَعَّالٌ لِمَا یُرِیْدُ یَا مَنْ یَحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ حُلْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ مَنْ یُؤْذِیْنَا بِحَوْلِکَ وَقُوَّتِکَ یَا کَافِیْ کُلِّ شَیْءٍ وَلَا یَکْفِیْ مِنْهُ شَیْءٌ اَکْفِنَا مَا یُهِمُّنَا مِنْ اَمْرِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔

اے اللہ! ہمیں اپنی رحمت میں ڈھانپ لے اور ہم سے اپنا فضل و کرم نہ چھین، ہم تیری ہی طرف راغب ہیں۔

اے اللہ! ہم پناہ طلب کرتے ہیں سفر کی تکلیفوں سے اور پریشانی کی حالت کے دیکھنے سے اور اہل وعیال اور مال و دولت کے بُرے منظر سے، اے وہ جو شاہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے اے وہ جو، جو چاہے سو کرے، اے وہ جو بندے اور اس کے دل کے درمیان حائل ہو جاتا ہے، اپنی طاقت و قوت سے ہمارے اور ہمیں تکلیف دینے والے کے درمیان حائل ہو جا۔ اے ہر چیز کو مستغنی کرنے والے جس سے کوئی چیز بے نیاز نہیں ہو سکتی، اے ارحم الراحمین! دُنیا اور آخرت کی تمام مہمات سے ہمیں مستغنی اور بے پروا کر دے۔

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ وَفِّرْ حَظِّیْ مِنْ خَیْرٍ تُنْزِلُهٗ، اَوْ
اِحْسَانٍ تُفْضِلُهٗ اَوْ بِرٍّ تَنْشُرُهٗ اَوْ رِزْقٍ
تَبْسُطُهٗ اَوْ ذَنْبٍ تَغْفِرُهٗ اَوْ خَطَأٍ تَسْتُرُهٗ یَا
اِلٰهِیْ یَا مَنْ بِیَدِهٖ نَاصِیَتِیْ یَا عَلِیْمُ بِضُرِّیْ
وَمَسْكَنَتِیْ یَا خَبِیْرُ بِفَقْرِیْ وَفَاقَتِیْ یَا رَبِّ
اَسْاَلُكَ بِحَقِّكَ وَقُدْسِكَ وَاَعْظَمِ صِفَاتِكَ
وَاَسْمَائِكَ، اَنْ تَجْعَلَ اَوْقَاتِیْ بِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ
بِذِكْرِكَ مَعْمُوْرَةً وَبِخِدْمَتِكَ مَوْصُوْلَةً
وَاَعْمَالِیْ عِنْدَكَ مَقْبُوْلَةً یَا مَنْ عَلَیْهِ مُعَوَّلِیْ
یَا مَنْ اِلَیْهِ شَكَوْتُ اَحْوَالِیْ قَوِّ عَلٰی خِدْمَتِكَ
جَوَارِحِیْ وَاشْدُدْ عَلَی الْعَزِیْمَةِ جَوَانِحِیْ وَهَبْ
لِیَ الْجِدَّ فِیْ خَشْیَتِكَ وَالدَّوَامَ عَلَی الْاِتِّصَالِ
فِیْ خِدْمَتِكَ حَتّٰی اَخَافُكَ مَخَافَةَ الْمُوْقِنِیْنَ
وَاَجْتَمِعُ فِیْ جِوَارِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِیْنَ۔

اے اللہ! زیادہ کر میری بھلائی کے اُس حصّے کو جسے تُو نے
اتارا ہے یا اُس احسان کو جسے عطا کرنا چاہتا ہے یا اُس نیکی کو
جسے پھیلانا چاہتا ہے یا اُس رزق کو جسے وسیع کرنا چاہتا ہے، یا
اُس گناہ کو جسے بخشنا چاہتا ہے یا اُس غلطی کو جسے چھُپانا چاہتا ہے،
اے میرے مُشکل کشا، اے وہ ذات کہ جس کے ہاتھ میں میری
پیشانی ہے، اے میری تکلیف اور مسکینی کو جاننے والے، اے میرے

Marfat.com

فقر و فاقہ سے با خبر، اے میرے پروردگار، مَیں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری قدسیت اور عظیم حق کے ساتھ اور تیری عظیم الشان صفات اور بڑے بڑے ناموں کے ساتھ، یہ کہ میرے دن اور رات کے تمام اوقات کو جو تیری بارگاہِ قدس میں پہنچنے والے ہیں اپنے ذکر سے معمور فرما، میرے اعمال کو مقبول بنا، اے وہ ذات جس پر میرا بھروسہ اور اعتماد ہے، اے وہ ذات جس کے سامنے مَیں نے اپنے حالات بیان کیے ہیں، میرے اعضاء کو اپنی حضوری کے لیے مضبوط کر اور قوت دے میرے پہلوؤں کو پختہ ارادہ پر اور مجھے سنجیدگی عطا کر تجھ سے ڈرنے کے لیے اور عطا کر اپنی ملاقات پر ہمیشگی، حتیٰ کہ مَیں تجھ سے ایسا ڈروں جس طرح تجھ پر یقین کرنے والے ڈرتے ہیں یا جیسے مومنین جو تیرے جوارِ رحمت میں حاضر ہیں۔

اَللّٰهُمَّ مَنْ اَرَادَنِیْ بِسُوْءٍ فَرُدَّهٗ عَلَيْهِ وَمَنْ كَادَنِیْ فَكِدْهُ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ اَحْسَنِ عِبَادِكَ نَصِيْبًا عِنْدَكَ وَاَقْرَبِهِمْ مَنْزِلَةً مِنْكَ وَاَخَصِّهِمْ زُلْفٰی لَدَيْكَ فَاِنَّهٗ لَا يُنَالُ ذٰلِكَ اِلَّا بِفَضْلِكَ وَجُدْلِیْ بِجُوْدِكَ وَاعْطِفْ عَلَیَّ بِمَجْدِكَ وَاحْفَظْنِیْ بِرَحْمَتِكَ وَاجْعَلْ لِسَانِیْ بِذِكْرِكَ لَهِجًا وَقَلْبِیْ بِحُبِّكَ مُتَيَّمًا وَمُنَّ عَلَیَّ بِحُسْنِ اِجَابَتِكَ وَاَقِلْنِیْ عَثْرَتِیْ وَاغْفِرْلِیْ زَلَّتِیْ، فَاِنَّكَ اَمَرْتَ عِبَادَكَ بِدُعَائِكَ وَضَمِنْتَ لَهُمُ الْاِجَابَةَ فَاِلَيْكَ يَا رَبِّ نَصَبْتُ وَجْهِیْ

Marfat.com

وَمَدَدتُ يَدِىْ فَبِرَحْمَتِكَ اِسْتَجِبْ دُعَائِىْ وَبَلِّغْنِىْ مُنَاىَ وَلَا تَقْطَعْ رَجَائِىْ وَاكْفِنِىْ شَرَّ اَعْدَائِىْ يَا سَمِيْعَ الدُّعَاءِ يَا سَابِغَ النِّعَمِ يَا دَافِعَ النِّقَمِ يَا نُوْرَ الْمُسْتَوْحِشِيْنَ فِى الظُّلَمِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

اے اللہ! جو شخص میرے ساتھ بُرائی کا ارادہ کرے اُس کو اُسی پر لوٹا دے اور جو میرے ساتھ کوئی بُری چال چلنا چاہے تو اُس کے ساتھ تُو کوئی تدبیر کر اور مجھے اپنے اُن اچھے بندوں میں شمار کر جن کا حِصّہ تیرے پاس ہے اور تیرے قریب تر ہیں یا بلحاظ قرب کے تیرے خاص الخاص بندے ہیں اور یہ سب کام تیرے فضل و کرم کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتے، مجھ پر اپنی سخاوت جلدی کر، اپنی بزرگی کے ساتھ مجھ پر مہربانی فرما، اپنی رحمت سے میری حفاظت فرما، میری زبان کو اپنے ذکر سے شیفتہ فرما، اپنی محبّت سے میرے دل کو اپنا غلام بنا، میری التجاؤں کو قبول فرما کر مجھ پر احسانِ عظیم فرما اور میری لغزشوں میں کمی فرما، میرے گناہ بخش دے، تُو نے اپنے بندوں کو دُعا کا حکم فرمایا ہے اور خود دُعا قبول کرنے کا عہد کیا ہے پس اے میرے پروردگار! میں نے اپنے چہرے کو تیری طرف جُھکا دیا ہے، اور اپنے ہاتھ پھیلا دیے ہیں، اپنی رحمت سے میری دُعا کو قبول فرما، میری آرزوؤں کو پورا فرما اور نا اُمید نہ کر، مجھے میرے دشمنوں کے شر سے محفوظ فرما، اے دُعاؤں کو سُننے والے، اے بیشمار نعمتیں عطا کرنے والے، اے سزا دُور کرنے والے، اے اندھیروں اور ظُلمتوں میں بھٹکے ہُوئے لوگوں کے نُور!

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَبْرَأُ اِلَیْكَ مِنْ حَوْلِیْ وَ قُوَّتِیْ وَاَلْجَأُ اِلٰی حَوْلِكَ وَ قُوَّتِكَ اَحْمَدُكَ اِذْ اَوْجَدْتَنِیْ مِنَ الْعَدَمِ وَفَضَّلْتَنِی عَلٰی كَثِیْرٍ مِنَ الْاُمَمِ وَجَعَلْتَ فِیْ یَدِیْ زِمَامَ خَلْقِكَ وَاسْتَخْلَفْتَنِیْ عَلٰی اَرْضِكَ ۔

اے اللہ ! میں اپنی قدرت اور قوت سے الگ ہو کر صرف تیری ہی قدرت و طاقت کی پناہ لیتا ہوں ۔

میں تیری تعریف کرتا ہوں جب کہ تو نے مجھے عدم سے وجود بخشا اور بے شمار اُمتوں پر تو نے مجھے فضیلت بخشی اور اپنی مخلوق کی لگام میرے ہاتھ میں دی اور اپنی زمین پر مجھے خلیفہ بنایا ۔

اَللّٰھُمَّ فَخُذْ بِیَدِیْ فِی الْمَضَائِقِ وَ اكْشِفْ لِیْ وُجُوْهَ الْحَقَائِقِ وَ وَفِّقْنِیْ لِمَا تُحِبُّ وَاعْصِمْنِیْ مِنَ الذَّلَلِ وَلَا تَسْلُبْ عَنِّیْ سِتْرَ اِحْسَانِكَ وَقِنِیْ مَصَارِعَ السُّوْءِ وَاكْفِنِیْ كَیْدَ الْحَاسِدِ وَشَمَاتَةِ الْاَضْدَادِ وَ الْطُفْ بِیْ فِیْ سَائِرِ مُتَصَرَّفَاتِیْ وَاكْفِنِیْ مِنْ جَمِیْعِ جِهَاتِیْ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔

اے اللہ ! تنگی کے وقت میرے ہاتھ کو پکڑ اور حقیقت کا چہرہ میرے سامنے کھول دے اور جس چیز سے تو محبت کرتا ہے اُس کی مجھے بھی توفیق دے اور لغزشوں سے بچا اور اپنے احسان

Marfat.com

کی چادر مجھ سے نہ چھین اور بُرائی کے گڑھوں سے بچا اور حاسد کے مکر سے محفوظ رکھ اور دشمن کی ہنسی سے محفوظ فرما، میرے تمام تصرفات میں مہربانی فرما۔ اے ارحم الراحمین! تمام اطراف سے میری حفاظت فرما۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَسْمَعُ كَلَامِىْ وَتَرٰى مَكَانِىْ وَ تَعْلَمُ سِرِّىْ وَعَلَانِيَتِىْ وَلَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَىْءٌ مِنْ اَمْرِىْ وَاَنَا الْبَائِسُ الْفَقِيْرُ وَالْمُسْتَغِيْثُ الْمُسْتَجِيْرُ وَالْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ الْمُعْتَرِفُ اِلَيْكَ بِذَنْبِهٖ اَسْاَلُكَ مَسْاَلَةَ الْمِسْكِيْنِ وَاَبْتَهِلُ اِلَيْكَ اِبْتِهَالَ الْمُذْنِبِ الذَّلِيْلِ وَاَدْعُوْكَ دُعَاءَ الْخَائِفِ الضَّرِيْرِ دُعَاءَ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهٗ وَ ذَلَّ لَكَ جِسْمُهٗ وَ رَغِمَ لَكَ اَنْفُهٗ ۔

اے اللہ! تُو میری گفتگو کو سُنتا ہے، میری جگہ تیری نظر میں ہے، میرے ظاہر و باطن سے تُو باخبر ہے، میرا کوئی کام تجھ سے پوشیدہ نہیں۔ مَیں مفلس اور حاجت مند ہوں، مَیں فریاد رسی اور مدد کا طالب ہُوں، مَیں ڈرنے والا، خوف کھانے والا، اپنے گناہوں کا اقرار کرنے والا اور اپنے عیوب کا معترف ہُوں، مَیں مسکین جیسا سوالی ہُوں۔ مَیں گڑگڑاتا ہوں جیسے ذلیل گناہ گار گڑگڑاتا ہے، مَیں اس طرح دُعا کرتا ہوں جس طرح دُعا کرتا ہے نقصان زدہ اور ڈر کا مارا ہُوا۔ ایسے شخص کی سی دُعا جس کی گردن تیرے حضور جھکی ہُوئی ہے اور جس کا جسم تیرے سامنے ذلیل و رُسوا ہے اور جس کی ناک تیرے سامنے خاک آلود ہے۔

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ كُنْ لِیْ مُؤَيِّدًا وَّنَاصِرًا وَّكُنْ لِیْ رَءُوْفًا رَّحِيْمًا يَا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ ، اِلَيْكَ اَشْكُوْا ضَعْفَ قُوَّتِیْ وَقِلَّةَ حِيْلَتِیْ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِقُدْرَتِكَ عَلَیَّ وَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰى نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَيْنٍ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ. (ثلاثًا)

اے اللہ! اے بہترین مسئول! تُو میرا حامی و ناصر ہو اور مجھ پر مہربانی اور رحمت نازل فرما۔ اے ارحم الراحمین! میں تیرے حضور اپنی کمزوری اور قلت اسباب کا معترف ہوں۔ ایک لمحہ کے لیے بھی مجھے میرے نفس کے سپرد نہ کر۔ اے زندہ اور قائم رہنے والے میں تیری ہی رحمت کا طلب گار ہوں۔

هذا دعاءٌ ذكره العلامة شمس الدين ابن القيم رحمه الله في مدارج السالكين لما ذكر خُضُوعَ العَبدِ وخُشُوعَه لربّه تعالٰى قال: فَلِلّٰهِ مَا اَحْلٰى قَوْلَهٗ فِی هٰذِهِ الْحَالِ:

اَسْاَلُكَ بِعِزِّكَ وَذُلِّیْ اِلَّا رَحِمْتَنِیْ وَاَسْاَلُكَ بِقُوَّتِكَ وَضَعْفِیْ وَبِغِنَائِكَ عَنِّیْ وَفَقْرِیْ اِلَيْكَ هٰذِهٖ نَاصِيَتِی الْكَاذِبَةُ الْخَاطِئَةُ بَيْنَ يَدَيْكَ عَبِيْدُكَ سِوَایَ كَثِيْرٌ وَلَيْسَ لِیْ سَيِّدٌ سِوَاكَ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجٰى مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ اَسْاَلُكَ مَسْاَلَةَ الْمِسْكِيْنِ وَاَبْتَهِلُ اِلَيْكَ اِبْتِهَالَ الْخَاضِعِ الذَّلِيْلِ وَاَدْعُوْكَ دُعَاءَ الْخَائِفِ

Marfat.com

الضَّرِيْرِ سُؤَالَ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُه وَرَغِمَ لَكَ اَنْفُهٗ وَفَاضَتْ لَكَ عَيْنَاهُ وَ ذَلَّ لَكَ قَلْبُهٗ ۔

"مدارج السالکین" میں علامہ ابن قیم ؒ بارگاہِ الٰہی میں جہاں بندے کا خشوع وخضوع ذکر کرتے ہیں وہاں درج ذیل دُعا نقل کرتے۔ اور اس حال میں بارگاہِ الٰہی میں سائل کی دُعا میں کس قدر مٹھاس ہے۔

مَیں اپنی ذلت اور تیری عزت کو سامنے رکھتے ہُوئے تجھ سے سوال کرتا ہوں، اگر تُونے رحم نہ کیا تو .....

مَیں اپنی کمزوری اور تیری قوت کو سامنے رکھتے ہُوئے تجھ سے سوال کرتا ہُوں ۔

مَیں اپنی فقیری اور تیری بے پروائی کو سامنے رکھتے ہوئے سوال کرتا ہُوں ۔

میری جھوٹی اور گناہ گار پیشانی یہ رہی تیرے سامنے ، میرے علاوہ تیرے بے شمار بندے ہیں لیکن تیرے سوا میرا کوئی آقا نہیں۔

تیرے سوا میری کوئی جائے پناہ نہیں اور نہ کوئی جائے نجات۔

مَیں سوال کرتا ہُوں مسکین جیسا اور گڑگڑاتا ہُوں جیسے ذلیل اور عاجز گڑگڑاتا ہے ۔

مَیں اس طرح دُعا کرتا ہُوں جس طرح دُعا کرتا ہے نقصان زدہ اور ڈر کا مارا ہُوا ، ایسے شخص کی سی دُعا جس کی گردن تیرے حضور جُھکی ہوئی ہے اور جس کی ناک تیرے سامنے خاک آلودہ ہے اور تیرے حضور اس کی آنکھیں پُرنم ہیں اور اس کا دل تیرے سامنے جُھکا ہُوا ہے ۔

Marfat.com

ورُوِیَ من دُعَاءِ عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ تعالٰی :

اَللّٰھُمَّ اَلْبِسْنِی الْعَافِیَۃَ حَتّٰی تُھَنِّیْنِیْ بِالْمَعِیْشَۃِ وَاخْتِمْ لِیْ بِالْمَغْفِرَۃِ حَتّٰی لَا تَضُرَّنِیْ الذُّنُوْبُ وَاکْفِنِیْ کُلَّ ھَوْلٍ دُوْنَ الْجَنَّۃِ حَتّٰی تُبَلِّغَنِیْھَا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ مِنَ الدُّنْیَا مَا تَقِیْنِیْ بِہٖ فِتْنَتَھَا وَتُغْنِیْنِیْ بِہٖ عَنْ اَھْلِھَا وَیَکُوْنُ بَلَاغًا لِیْ اِلٰی مَا ھُوَ خَیْرٌ مِنْھَا فَاِنَّہٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِکَ۔

حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ سے مندرجہ ذیل دُعا منقول ہے :

اے اللہ ! مجھے صحت و عافیت عطا فرما حتیٰ کہ مبارکباد دے تو زندگی کی اور میرا خاتمہ مغفرت پر فرما حتیٰ کہ میرے گناہ مجھے کوئی گزند نہ پہنچا سکیں ۔ اور دخول جنت سے پہلے پہلے مجھے ہر گھبراہٹ سے محفوظ فرما حتیٰ کہ تُو اپنی رحمت سے مجھے جنت میں داخل کر دے اے ارحم الراحمین !

اے اللہ ! مجھے اس قدر دُنیا عطا فرما کہ جس سے میں اس کے فتنوں سے محفوظ رہ سکوں ۔ اور تُو مجھے اہلِ دُنیا سے بے پروا کر دے اور ہو جائے یہ دُنیا ذریعہ اس تک جو اس سے بہتر ہے کیونکہ تیری توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی طاقت ہے اور نہ بُرائی سے بچنے کی ہمت ۔

Marfat.com

ومن دعائه ﷺ

اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْهِ، وَاخْلُفْ عَلٰی كُلِّ غَائِبَةٍ لِّیْ بِخَیْرٍ۔

دعاء عن النبی ﷺ فی حدیث جویریة رضی اللہ عنہا

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضٰی نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ۔

دعاءٌ عنه ایضًا

سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی السَّمَآءِ وَعَدَدَ مَا خَلَقَ فِی الْاَرْضِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا بَیْنَ ذٰلِكَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ مِثْلَ ذٰلِكَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا خَلَقَ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا فِی الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا اَحْصٰی كِتَابُهٗ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَیْءٍ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ كُلِّ شَیْءٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ سے مندرجہ ذیل دُعا بھی ثابت ہے :

اے اللہ! تُو نے جو کچھ مجھے دے رکھا ہے اس میں مجھے قناعت عطا فرما اور اس میں برکت دے اور میرا بہتر جانشین بنا ہر غائب کو۔

حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا سے منقول یہ دعا بھی رسول کریم ﷺ سے ثابت ہے۔

پاک ہے اللہ اپنی حمد کے ساتھ اُس کی مخلوق کی تعداد کے برابر اور اُس کی ذات کی رضا کے برابر اور اُس کے عرش کے وزن کے برابر اور اُس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔

رسول کریم ﷺ سے یہ دُعا بھی ثابت ہے :

پاک ہے اللہ جس قدر کہ پیدا کیا اُس نے مخلوق کو، زمین اور آسمانوں میں۔

اور پاک ہے اللہ جس قدر کے زمین و آسمان میں اشیا ہیں۔

اور پاک ہے اللہ جس قدر کہ پیدا کرے گا اور اللہ اکبر بھی اتنی ہی مقدار میں اور الحمد للہ بھی اتنی ہی مقدار میں اور لاحول ولا قوۃ اِلّا باللہ بھی اتنی ہی مقدار میں۔

سُبحان اللہ، اُس کی مخلوق کی تعداد کے برابر

سُبحان اللہ، اُس چیز کی مقدار کے برابر جو پیدا کی اُس نے۔

سُبحان اللہ، اُس کی مخلوق کی مقدار کے برابر۔

سُبحان اللہ، زمین و آسمان میں جتنی اشیا ہیں، اُن کی مقدار کے برابر۔

سُبحان اللہ، آسمان و زمین کی جتنی اشیاء ہیں، اُن کی مقدار کے برابر۔

سُبحان اللہ، اُن اشیاء کی مقدار کے برابر جس قدر اِس کتاب میں درج ہیں۔

Marfat.com

سُبحان اللہ، تمام چیز کی مقدار کے برابر۔
سُبحان اللہ، ہر چیز کی مقدار کے برابر۔
اور الحمد للہ، بھی اسی مقدار کے برابر۔

سُبْحَانَ اللهِ عَدَدَ مَا اَحْصَاهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ
عَدَدَ كَلِمَاتِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا اللهُ زِنَةَ عَرْشِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ
مِلْءَ سَمٰوَاتِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مِلْءَ اَرْضِهٖ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مِثْلَ ذٰلِكَ وَاللهُ اَكْبَرُ
مِثْلَ ذٰلِكَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ۔

سُبْحَانَ اللهِ مِلْءَ الْبَرِّ، سُبْحَانَ اللهِ مِلْءَ
الْبَحْرِ سُبْحَانَ اللهِ مِلْءَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ
سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللهُ اَكْبَرُ، وَلَا
حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ وَعَدَدَ
مَا هُوَ خَالِقٌ وَزِنَةَ مَا خَلَقَ وَزِنَةَ مَا هُوَ
خَالِقٌ وَمِلْءَ مَا خَلَقَ وَمِلْءَ سَمٰوَاتِهٖ،
وَمِلْءَ اَرْضِهٖ وَمِثْلَ ذٰلِكَ وَاَضْعَافَ
ذٰلِكَ وَعَدَدَ خَلْقِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمُنْتَهٰى
رَحْمَتِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ وَمَبْلَغَ رِضَاهُ
وَحَتّٰى يَرْضٰى وَاِذَا يَرْضٰى وَعَدَدَ مَا ذَكَرَهٗ
بِهٖ خَلْقُهٗ فِيْ جَمِيْعِ مَا مَضٰى وَعَدَدَ مَا

Marfat.com

هُمْ ذَاكِرُوْهُ فِيْمَا بَقِيَ فِيْ كُلِّ سَنَةٍ وَشَهْرٍ وَجُمُعَةٍ وَ يَوْمٍ وَ لَيْلَةٍ وَ سَاعَةٍ مِنَ السَّاعَاتِ وَتَنَسُّمٍ وَتَنَفُّسٍ مِنَ الْاَبَدِ اِلَى الْاَبَدِ، اَبَدِ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ اَبَدٍ مِنْ ذٰلِكَ لَا يَنْقَطِعُ اَوْلَاهُ ، وَلَا يَنْفَدُ اُخْرَاهُ۔

سُبحان اللہ، اُس چیز کی مقدار کے برابر جو اُس نے شمار کر رکھا ہے۔

لا الٰہ الّا اللہ۔ اُس کے کلمات کی تعداد کے برابر۔

لا الٰہ الّا اللہ۔ اُس کی مخلوق کی تعداد کے برابر۔

لا الٰہ الّا اللہ، اُس کے عرش کے وزن کے برابر۔

لا الٰہ الّا اللہ۔ اُس کی زمین کے پُر ہونے کے برابر۔

لا الٰہ الّا اللہ۔ اسی اندازے کے مطابق۔

اللہ اکبر، اسی اندازے کے مطابق۔

الحمد للہ، اسی اندازے کے مطابق۔

سُبحان اللہ، خشکی کے پُر ہونے کے برابر۔

سُبحان اللہ، سمندر کے پُر ہونے کے برابر۔

سُبحان اللہ، زمین اور آسمان کے پُر ہونے کے برابر۔

سُبحان اللہ، الحمد للہ، اللہ اکبر اور لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

اُس نے جو پیدا کیا اُس کی تعداد کے برابر اور اُس تعداد کے برابر جو وہ پیدا کرنے والا ہے اور جو اُس نے پیدا کیا ہے اُس کے وزن کے برابر اور جو پیدا کرنے والا ہے اُس کے وزن کے برابر

Marfat.com

اُس نے جو پیدا کیا ہے اُس کے پُر ہونے کے برابر اور جو پیدا کرنے والا ہے اُس کے پُر ہونے کے برابر اور زمین و آسمان کے پُر ہونے کے برابر، اتنا اور اس سے کئی گنا زیادہ، اس کی مخلوق کی

تعداد کے برابر، اُس کے عرش کے وزن کے برابر، اُسکی رحمت کے آخری نکتے تک اور اُس کے کلمات کی سیاہی کے برابر، اور اُس کی رضا حاصل ہونے تک حتی کہ وہ راضی ہو اور جب راضی ہو۔ مخلوق کے ذکر کرنے کی تعداد کے برابر اور تمام اُن چیزوں کے برابر جو گزر چکی ہیں اور اس مقدار کے برابر جس قدر کہ وہ ذکر کرنے والے ہیں، ہر سال، ہر ماہ، ہر جُمعہ، ہر دن، ہر رات اور ہر آن ہر فرد جو پیدا ہونے والا ہے، ابتداء سے انتہا تک، دُنیا اور آخرت کی ہمیشگی تک، ایسی ہمیشگی جس کی ابتدا منقطع ہونے والی نہیں، اور نہ ہی اُس کی آخر ختم ہونے والی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ مُحَمَّدٌ ﷺ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ ۔

اے اللہ! مَیں ہر اُس بہتر چیز کا طالب ہوں جسے تیرے بندے اور رسول حضرت محمد ﷺ نے طلب کی، اور مَیں پناہ مانگتا ہُوں ہر اُس شر سے جس سے تیرے بندے اور تیرے نبی حضرت مُحمد ﷺ نے پناہ مانگی۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡاَلُکَ الۡجَنَّۃَ وَمَا قَرَّبَ اِلَیۡھَا مِنۡ قَوۡلٍ وَعَمَلٍ وَاَعُوۡذُ بِکَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَیۡھَا مِنۡ قَوۡلٍ وَعَمَلٍ وَاَسۡاَلُکَ مَا قَضَیۡتَ لِیۡ مِنۡ قَضَاءٍ اَنۡ تَجۡعَلَ عَاقِبَتَہٗ لِیۡ رُشۡدًا ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡاَلُکَ الۡجَنَّۃَ وَنَعِیۡمَھَا وَ اِسۡتَبۡرَقَھَا وَاَعُوۡذُ بِکَ مِنَ النَّارِ وَسَلَاسِلِھَا وَاَغۡلَالِھَا ۔

انتهى الورد المبارك بحمد الله و توفيقه، وصلى الله على نبينا محمد۔

اے اللہ! مَیں سوال کرتا ہُوں جنّت کا اور ہر اُس قول و عمل کا جو جنّت کے قریب کر دے۔

اور مَیں پناہ مانگتا ہوں آگ سے اور ہر اُس قول و عمل سے جو آگ کے قریب کر دے۔

اور مَیں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس بات کا کہ جس کا تُونے فیصلہ کر دیا ہے کہ اس کی عاقبت اور انتہا میرے لیے بہتر ہو۔

اے اللہ! مَیں جنّت اور اُس کی نعمتوں اور اُس کے اطلسی کپڑوں کا سوال کرتا ہُوں۔

اور پناہ مانگتا ہُوں مَیں آگ سے، اُس کی زنجیروں اور ہتھکڑیوں سے۔

Marfat.com

# شروط لَا اِلٰہ اِلاَّ اللّٰہُ

للشیخ عبدالرحمٰن بن حسن رحمہ اللہ تعالیٰ آمین

الأوّل : اَلْعِلْمُ الْمُنَافِیْ لِلْجَهْلِ فَمَنْ لَمْ يَعْرِفِ الْمَعْنٰى فَهُوَ جَاهِلٌ بِمَدْلُوْلِهَا۔

## لا إلٰہ إلاّ اللہ کی شرطیں

تالیف

امام الموحدین العلامہ الشیخ عبدالرحمٰن بن حسن آل الشیخ

○ ایسا علم جو منافی ہو جہالت کے، پس جو شخص اس کے معنی کو نہیں سمجھتا وہ اس کے مدلول سے بے بہرہ ہے۔

الثانی : اَلْيَقِيْنُ الْمُنَافِیْ لِلشَّكِّ لِاَنَّ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُوْلُهَا وَهُوَ شَاكٌّ فِيْمَا دَلَّتْ عَلَيْهِ مِنْ مَعْنَاهَا۔

○ ایسا یقین جو منافی ہو شک کے، کیونکہ بعض لوگ لا الہٰ الا اللہ کہتے تو ہیں لیکن اس کے معنی اور مدلول میں شک کرتے ہیں۔

الثالث : اَلْاِخْلَاصُ الْمُنَافِیْ لِلشِّرْكِ، فَاِنْ لَمْ يُخْلِصْ اَعْمَالَهٗ كُلَّهَا لِلّٰهِ فَهُوَ مُشْرِكٌ شِرْكًا يُنَافِی الْاِخْلَاصَ۔

Marfat.com

○ ایسا اخلاص جو منافی ہو شرک کے. کیونکہ اگر کوئی شخص اپنے تمام اعمال کو اللہ کے لیے خالص نہیں کرے گا تو وہ مُشرک ہو گا جو اخلاص کے منافی ہے۔

الرابع : أَلصِّدْقُ الْمُنَافِيْ لِلنِّفَاقِ لِاَنَّ الْمُنَافِقِيْنَ يَقُوْلُوْنَهَا وَلٰكِنَّهُمْ لَمْ يُطَابِقْ مَا قَالُوْهُ لِمَا يَعْتَقِدُوْنَهٗ فَصَارَ قَوْلُهُمْ كَذِبًا لِمُخَالَفَةِ الظَّاهِرِ لِلْبَاطِنِ۔

○ ایسا سچ جو منافی ہو نفاق کے کیونکہ منافقین بھی لا الٰہ الا اللہ کہتے ہیں لیکن ان کا اعتقاد قول کے مطابق نہیں ہے لہذا ان کا کہنا جھوٹ پر مبنی ہے کیونکہ یہ ظاہر باطن کے مخالف ہے۔

الخامس : اَلْقَبُوْلُ الْمُنَافِيْ لِلرَّدِّ لِاَنَّ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُوْلُهَا مَعَ مَعْرِفَةِ مَعْنَاهَا وَلٰكِنْ لَا يَقْبَلُ مِمَّنْ دَعَاهُ اِلَيْهِ ، اِمَّا كِبْرًا اَوْ حَسَدًا اَوْ غَيْرَ ذٰلِكَ مِنَ الْاَسْبَابِ الْمَانِعَةِ مِنَ الْقَبُوْلِ فَتَجِدُهٗ يُعَادِيْ اَهْلَ الْاِخْلَاصِ وَ يُوَالِيْ اَهْلَ الشِّرْكِ وَيُحِبُّهُمْ۔

○ ایسا قبول جو تردید کے منافی ہو کیونکہ بعض لوگ لا الٰہ الا اللہ کے مفہوم کو سمجھتے ہوئے زبان سے کہتے تو ہیں لیکن اس کلمہ کی دعوت دینے والوں کی دعوت کو مانتے نہیں. ان کا یہ انکار تکبر و حسد اور دوسرے بے شمار اسباب کی بنا پر ہوتا ہے جو قبول

Marfat.com

حق کو مانع ہیں، یہی وجہ ہے کہ یہ لوگ اہلِ اخلاص سے دشمنی اور اہلِ شرک سے دوستی اور محبت کرتے ہُوئے نظر آئیں گے۔

السادس : اَلْاِنقِيَادُ الْمُنَافِي لِلتَّرْكِ ، لِأَنَّ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُهَا وَهُوَ يَعْرِفُ مَعْنَاهَا لٰكِنَّهٗ لَا يَنْقَادُ لِلْاِتْيَانِ بِحُقُوقِهَا وَلَوَازِمِهَا مِنَ الْوَلَاءِ وَالْبَرَاءِ وَالْعَمَلِ بِشَرَائِعِ الْاِسْلَامِ وَلَا يُلَائِمُهٗ اِلَّا مَا وَافَقَ هَوَاهُ اَوْ تَحْصِيلِ دُنْيَاهُ وَهٰذِهٖ حَالُ كَثِيرٍ مِنَ النَّاسِ ۔

○ ایسی تابعداری جو ترک کے منافی ہو، کیونکہ بعض لوگ لا الٰہ الّا اللہ کے معنی و مفہوم کو سمجھ کر کہتے تو ہیں لیکن اس کلمہ کے حقوق و لوازمات کو پورا کرنے میں فرمانبردار نہیں ہیں جیسے موحّدین سے دوستی کرنا اور مشرکین سے دشمنی اور شریعت اسلامیہ پر عمل پیرا ہونا، اور اس کی موافقت نہیں کرتا مگر اس چیز میں کہ مطابق ہو اُس کی خواہشات کے یا دُنیا کے حصول کی خاطر اور اکثر لوگوں کا حال یہی ہے۔

السابع : اَلْمَحَبَّةُ الْمُنَافِيَةُ لِعَدَمِهَا ۔

○ ایسی محبت جو محبت کے منافی نہ ہو۔

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

Marfat.com

«كان على الطبعة الاولى ما مثاله»

كان الفراغ من طبعه في مطبعة السنة المحمدية في الرابع من شهر شوال سنة ١٣٦٩ من هجرة خاتم المرسلين . وهو اليوم الموافق لذكرى مرور خمسين عامًا على دخول جلالة الملك المعظم عاصمة ملكه وملك آبائه «الرياض» .

وقد طبع هذا الورد المبارك على النسخة الخطية . الخاصة بجلالة الملك أمير الموحدين ، قرة عيون المؤمنين ، ومحط آمال العرب والمسلمين ، ناصر الملة والدين ، وقاهر الملحدين والمبتدعين . الملك عبد العزيز بن الإمام عبد الرحمن آل فيصل آل سعود . أمد الله في أيامه المباركة ، وأبقى ظل عدله الوارف ظليلا على الجزيرة العربية . وأطال عمره قرة لعيون الموحدين ، ورغم أنف أعداء الحق والدين وأدام قرة عين جلالته وعيون المسلمين بأصحاب السمو أنجاله الأمراء الكرام .

وصلى الله وسلم وبارك على عبد الله ورسوله محمد خاتم المرسلين وإمام المهتدين ، وعلى آله أجمعين .

وكتبه محمد حامد الفقي

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم
وبعد

راجعت الملاحظات التي كنت أبديتها في الكتب التي كانت أحيلت

إلي في ذي الحجة ١٤٠١ وهي: ترجمة كتاب قرة عيون الموحدين

وكتاب التوحيد بالعربية وكتاب التوحيد المترجم بأردو. والدر المصفى

المختصر. المترجم ومختارات من الجامع الفريد. وقارنت الصفحات

المصححة بأصل الملاحظات التي كان طلب مني المترجم تصحيحها

فوجدت أن المترجم - الشيخ عطاء الله ثاقب - قد صحح

الأخطاء فأثابه الله وجزاه خيرا

كتبه وصي الله محمد عباس

١١/ ٦/ ١٤٠٢

[illegible]

نظرا لما ذكر [illegible]

[illegible]

معهد الحرم المكي
[illegible]
٥٧٤
[illegible]

١٣٨٤

# قُرَّةُ عُيُونِ المُوَحِّدِين

## في تحقيق دعوة الأنبياء والمرسلين

—— تأليف ——

**العلّامة الشيخ عبد الرحمن بن حسن آل الشيخ**

مطره الله غيث رحمته وأنزله منازل الصديقين في فسيح جنته

١١٩٣هـ —— ١٢٨٥هـ

ترجمہ وتفہیم

**عطاء اللہ ثاقب**

**أنصار السنة المحمدية**

المرکز الرئیسی: ١١ - کلیار روڈ رستم پارک نواں کوٹ ۔ لاهور

Marfat.com

# مسائل الجاهلية

تأليف

مجدد الدعوة الاسلامية شيخ الاسلام

## الامام محمد بن عبد الوهاب التميمي رحمه الله

١١١٥ھ — ١٢٠٦ھ

اردو ترجمہ

## عطاء اللہ ثاقب

## انصار السنة المحمدية

المركز الرئيسي : ١١ - كليار رود ○ رستم پارك نواں كوٹ ○ لاهور

ذخیرہ

Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com

1735

Marfat.com